★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | بدھ 9 ذیقعد 1446ھ، 7 مئی 2025ء، 24 بیساکھ 2082پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 180

بھارتی آلہ کار بی ایل اے کا سیکیورٹی فورسز کی گاڑی پر بم حملہ 7 اہلکار شہید

6 مئی کو بلوچستان کے ضلع کچھی کے علاقے مچھ میں بھارتی ایما پر کام کرنے والی کالعدم تنظیم نام نہاد بلوچ لبریشن آرمی کے دہشت گردوں نے سیکیورٹی فورسز کی گاڑی کو دیسی ساختہ بم سے نشانہ بنایا، آئی ایس پی آر

وطن کے 7 سپوت شہادت کے عظیم مرتبے پر فائز ہوگئے، شہدا میں صوبیدار عمر فاروق، نائیک آصف خان، نائیک مشکور، علی سپاہی طارق نواز، سپاہی واجد احمد فیض، سپاہی محمد عاصم، سپاہی محمد کاشف خان شامل ہیں

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) بلوچستان میں کالعدم تنظیم نام نہاد بلوچ لبریشن آرمی (بی ایل اے) کے بزدلانہ حملے میں سیکیورٹی فورسز کے 7 جوان شہید ہوگئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے جاری بیان کے مطابق 6 مئی کو بلوچستان کے ضلع کچھی کے علاقے مچھ میں بھارتی ایما پر کام کرنے والی کالعدم تنظیم نام نہاد بلوچ لبریشن آرمی کے دہشت گردوں نے سیکیورٹی فورسز کی گاڑی کو دیسی ساختہ بم سے نشانہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)



لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

پنجاب میں ای چارجنگ سٹیشن کیلئے سولر پاور سسٹم نصب کرنے کا فیصلہ

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس، پٹرول پمپس کے ساتھ چارجنگ سٹیشن قائم کرنے کی تجویز کا جائزہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں ماس ٹرانزٹ پراجیکٹس پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں بیلو لائن ماس ٹرانزٹ سسٹم کی فزیبلٹی سٹڈی رپورٹ پیش کی گئی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

سندھ طاس معاہدے کی معطلی انسانیت کے خلاف جرم ہے، بلاول بھٹو زرداری

پاکستان دہشت گردی برآمد نہیں کررہا، خود دہشت گردی کا شکار ہے، بھارتی حکومت غیر ذمہ داری کا مظاہرہ کررہی ہے، پاکستان قومی نے ڈر کر جینا نہیں سیکھا، قومی اسمبلی میں اظہار خیال

پہلگام واقعے کے بعد مقتولین کا خون جمنے سے قبل ہی بھارت نے پاکستان پر الزام تراشی شروع کردی، سرحدیں بند کردیں اور نتائج سے دھمکانا شروع کردیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ سندھ طاس معاہدے کی معطلی انسانیت کے خلاف جرم ہے، پاکستان دہشت گردی برآمد نہیں کررہا، خود دہشت گردی کا شکار ہے، بھارتی حکومت غیر ذمہ داری کا مظاہرہ کررہی ہے، پاکستان قومی نے ڈر کر جینا نہیں سیکھا۔ منگل کو قومی اسمبلی میں پہلگام فالس فلیگ آپریشن کے بعد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

بھارت کی جنگی جنون نے علاقائی امن اور استحکام کو داؤ پر لگایا، امریکہ میں بریفنگ

بھارت اپنی جبر انگیز پالیسیوں، انتخابی مصلحتوں اور انتظامی نااہلیوں کا بوجھ پاکستان پر نہیں ڈال سکتا، مقبوضہ علاقہ اس وقت دنیا کی سب سے بڑی جیل بن چکا ہے

پاکستان دہشت گردی سے سب سے زیادہ متاثرہ ملک ہے، پاکستانی سفیر رضوان سعید شیخ کی امریکی تھنک ٹینک نمائندگان کو پہلگام واقعہ اور پاک بھارت کشیدگی پر بریفنگ

واشنگٹن (این این آئی) امریکہ میں پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ نے پاکستانی سفارت خانہ واشنگٹن، ڈی سی میں ممتاز امریکی تھنک ٹینک کے نمائندگان کو پہلگام واقعے کے بعد پیدا ہونے والی کشیدہ صورتحال پر تفصیلی بریفنگ دی۔ سفیر پاکستان نے پہلگام واقعے سے متعلقہ اب تک سامنے والے حقائق کے بارے میں شرکاء کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ بھارت کی جانب سے اب تک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)

عظم مسلح افواج کے سربراہان کا ISI ہیڈکوارٹرز کا دورہ



اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف انٹر سروسز انٹیلی جنس (آئی ایس آئی) کے ہیڈکوارٹر کا دورہ کررہے ہیں

وزیراعظم نے آج ڈپٹی وزیراعظم و وزیر خارجہ، وزیر دفاع اور تینوں مسلح افواج کے سربراہان کے ہمراہ انٹر سروسز انٹیلی جنس (آئی ایس آئی) کے ہیڈکوارٹرز کا دورہ کیا جہاں انہیں ملکی سیکیورٹی صورتحال پر مفصل بریفنگ دی گئی

مشرقی سرحد پر بھارت کی بڑھتی ہوئی جارحیت کے تناظر میں روایتی خطرات سے نمٹنے کی تیاری پر خصوصی توجہ دی گئی، قومی قیادت کو علاقائی سلامتی کی تازہ ترین صورتحال، خطرات کی نئی جہتوں سے متعلق بھی آگاہ کیا گیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم پاکستان شہباز شریف نے آج ڈپٹی وزیراعظم و وزیر خارجہ، وزیر دفاع اور تینوں مسلح افواج کے سربراہان کے ہمراہ انٹر سروسز انٹیلی جنس (آئی ایس آئی) کے ہیڈکوارٹرز کا دورہ کیا جہاں انہیں ملکی سیکیورٹی صورتحال پر مفصل بریفنگ دی گئی۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)

پنجاب میں ای چارجنگ سٹیشن کیلئے سولر پاور سسٹم نصب کرنے کا فیصلہ

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس، ماس ٹرانزٹ پراجیکٹس پر تفصیلی بریفنگ

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے ای چارجنگ سٹیشن کیلئے سولر پاور سسٹم نصب کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس ہوا جس میں ماس ٹرانزٹ پراجیکٹس پر تفصیلی بریفنگ دی گئی، اجلاس میں بیلو لائن ماس ٹرانزٹ سسٹم کی فزیبلٹی سٹڈی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)

لاہور چیمبر نے سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے

خزانہ و محصولات میں بجٹ تجاویز پیش کردیں

لاہور (این این آئی) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سینئر نائب صدر انجینئر خالد عثمان نے سینیٹ کی قائمہ کمیٹی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)



اسلام آباد: صدر مملکت آصف علی زرداری رشین ایمبیسی میں تقریب سے خطاب کررہے ہیں

پاک انڈیا تنازعہ، دنیا خطے میں امن کیلئے کردار ادا کرے، پاکستان

بھارت نے یکطرفہ طور پر ورلڈ بینک کے توسط سے طے سندھ طاس معاہدے کو ختم کیا، عاصم افتخار

نیویارک (این این آئی) پاکستان نے پہلگام واقعہ پر بھارتی الزامات کو سختی سے مسترد کر دیا۔ نیویارک میں اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے نیوز کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ دنیا جان لے پاکستان کا پہلگام واقعہ سے کوئی تعلق نہیں، دنیا اس واقعہ کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

نظر ثانی صرف واضح قانونی غلطی کی صورت میں ہی ممکن ہے، جسٹس منصور علی شاہ

غیر ضروری نظر ثانی درخواستوں کی حوصلہ شکنی ہونی چاہیے، سپریم کورٹ سے اہم فیصلہ جاری

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں مخصوص نشستوں سے متعلق نظر ثانی کیس کی سماعت سے قبل جسٹس منصور علی شاہ نے نظر ثانی اختیارات سے متعلق اہم فیصلہ جاری کر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)

ہائیکورٹ نے تین ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن ججز کی خدمات وفاقی حکومت کے سپرد کردیں

تینوں ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن ججز کو مختلف بینکنگ کورٹس میں تعینات کیا گیا، نوٹیفکیشن جاری

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے تین ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن ججز کی خدمات وفاقی حکومت کے سپرد کردیں، تینوں ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن ججز کو مختلف بینکنگ کورٹس میں تعینات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)



ریکٹر یو ایم ٹی ڈاکٹر آصف رضا بجٹ سمٹ 26-2025 کے موقع پر وفاقی وزیر احسن اقبال کو سوینئر پیش کررہے ہیں

یو ایم ٹی میں 10 ویں بجٹ سمٹ 2025-26 کا کامیاب انعقاد

مستقبل میں پاکستان خطے کا طاقتور ترین ملک بن جائے گا، وفاقی وزیر احسن اقبال

لاہور (خبر نگار) یونیورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی (یو ایم ٹی) میں بجٹ سمٹ 26-2025 کا انعقاد کیا گیا جس کا مرکزی موضوع "ایک پائیدار معاشی مستقبل کی راہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

سانحہ 12 مئی کیس، آئندہ سماعت پر گواہوں کو پیش کرنے کا حکم

سماعت کے دوران ایم کیو ایم کے رہنما وسیم اختر، عمیر صدیقی اور دیگر ملزمان پیش ہوئے



سابق وفاقی وزیر شیخ رشید احمد مری کی سیر کررہے ہیں

کراچی (این این آئی) کراچی کی انسداد دہشت گردی عدالت نے آئندہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)

پہلگام واقعہ کی قلعی کھلنے پر بھارتی حکومت کے ہاتھ پاؤں پھول چکے ہیں، حسن مرتضیٰ

لاہور (این این آئی) پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے جنرل سیکرٹری حسن مرتضیٰ نے بھارت میں آصفہ بھٹو کا سوشل میڈیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)

سانحہ نوشکی کا ایک اور زخمی دم توڑ گیا؛ جاں بحق افراد کی تعداد 20 ہوگئی

ٹینکر دھماکے سے مجموعی طور پر 60 سے زائد افراد جھلس کر زخمی ہوئے تھے

کوئٹہ (این این آئی) سانحہ نوشکی میں زخمی ہونے والا ایک اور شخص دم توڑ گیا، جس کے بعد افسوس ناک واقعے میں جاں بحق ہونے والے افراد کی تعداد 20 ہو گئی۔ ریسکیو ذرائع کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

راولپنڈی، جوڈیشل کمپلیکس بخشی خانہ میں بم کی افواہ، سرچنگ کے بعد کلیئر

پولیس نے بخشی خانہ جوڈیشل کمپلیکس اور راہ داریوں کی سیکیورٹی بھی بڑھادی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کے جوڈیشل کمپلیکس کے بخشی خانہ میں بم کی افواہ پھیل گئی جس کے بعد حکام نے سرچنگ کی۔ رپورٹ کے مطابق افواہ کے فوری بعد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)

پاکستان اور ترکیہ کے تعلقات دنیا پر محیط ہیں، سینیٹر عرفان صدیقی

ترکیہ ہر امتحان میں ہمیشہ پاکستان کے ساتھ کھڑا رہا ہے، سینیٹر عرفان صدیقی کی نائب گورنر استنبول حسن گوزین سے ملاقات میں گفتگو

استنبول (این این آئی) سینیٹ میں مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی پارٹی لیڈر اور خارجہ امور کی قائمہ کمیٹی کے چیئرمین سینیٹر عرفان صدیقی نے کہا ہے کہ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان صدیوں پر محیط اخوت اور بھائی چارے کے اٹوٹ رشتے استوار ہیں، ایک پاکستانی مرد آہن ''عبدالرحمٰن (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)



اسلام آباد: وفاقی وزیر اوورسیز پاکستانیز چوہدری سالک حسین گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی سے ملاقات کررہے ہیں

''یوم تکبیر'' 28 مئی کو جوش و خروش اور ملی جذبہ کے ساتھ منایا جائے گا

مکو آنہ (این این آئی) پاکستان کو دنیائے اسلام کی پہلی ایٹمی طاقت بننے کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

سی سی پی او لاہور کا جرائم کی شرح میں نمایاں کمی پر اطمینان کا اظہار

لاہور (این این آئی) سربراہ لاہور پولیس بلال صدیق کمیانہ کی زیر صدارت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)



اسلام آباد: وزیراعظم کے معاون خصوصی ہارون اختر خان اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کررہے ہیں

بھیا کو ایسا جواب دیں گے کہ مائیں بچوں کو ڈرائیں گی، عطا اللہ تارڑ

عمران خان بھی اتنا ہی اچھا ہے، جتنے دوسرے سیاسی لیڈر، ہم آپس میں بعد میں لڑلیں گے، یہ وقت ایک آواز ہونے کا ہے، وزیر اطلاعات

1965 کی جنگ ہوئی، تو اپوزیشن لیڈر کے دادا جنرل ایوب خان نے کہا تھا کہ دشمن نہیں جانتا کہ اس نے کس قوم کو للکارا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے بھارت پر ایک بار پھر واضح کیا ہے کہ ایسا جواب دیں گے کہ مائیں بچوں کو ڈرائیں گی کہ پاکستان آیا ہے۔ قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ 1965 کی جنگ ہوئی، تو اپوزیشن لیڈر کے دادا جنرل ایوب خان نے کہا تھا کہ دشمن نہیں جانتا کہ اس نے کس قوم کو للکارا ہے، میں آج کسی لیڈر کو برا یا اپنے لیڈر کو اچھا نہیں کہوں گا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

مشتبہ افراد کو 90 روز کیلئے حفاظتی تحویل میں لیا جائے گا، مسودہ تیار

امن و امان کے قیام کے لیے شر پسند عناصر کے گرد گھیرا مزید تنگ کیا جائے گا، ترجمان صوبائی محکمہ داخلہ

لاہور (این این آئی) مشتبہ افراد کو 90 روز کے لیے حفاظتی تحویل میں لینے سمیت دیگر سخت اقدامات پر مبنی محفوظ پنجاب ایکٹ 2025ء کا مسودہ تیار کرلیا گیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر محکمہ داخلہ نے تاریخ ساز اقدام کرتے ہوئے محفوظ پنجاب ایکٹ 2025ء کا مسودہ تیار (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)

پیوٹن کا مئی میں سعودی عرب کا کوئی دورہ طے نہیں، کریملن

ماسکو (این این آئی) روس نے کہا ہے کہ امریکی و روسی صدور کے درمیان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)

افغانستان، مسافر بس کے حادثے میں 3 افراد ہلاک

کابل (این این آئی) افغانستان کے صوبہ سمنگان میں مسافر بس الٹنے سے 3 افراد جاں بحق اور 33 زخمی ہوگئے۔ چینی میڈیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

انڈونیشیا، بس حادثے میں 12 افراد جاں بحق، 5 زخمی

جکارتہ (این این آئی) انڈونیشیا میں بس حادثے کے نتیجے میں 12 افراد جاں بحق اور 5 زخمی ہوگئے۔ چینی میڈیا کے مطابق انڈو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

ہیوسٹن میں پاکستانی نژاد امریکی ڈاکٹروں کا فری ہیلتھ فیئر، ایک ہزار سے زائد افراد مستفید

ہیوسٹن (این این آئی) پاکستانی نژاد امریکی ڈاکٹروں کی نمائندہ تنظیم 'اپنا' کے ساؤتھ ٹیکساس چیپٹر کے زیر اہتمام ہیوسٹن میں ایک روزہ مفت طبی کیمپ کا انعقاد کیا گیا، جس میں ایک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)



لاہور: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن پریس کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں، امیر العظیم بھی موجود ہیں

حکومت بھارتی جارحیت پر کل جماعتی کانفرنس بلائے، حافظ نعیم الرحمٰن

نواز شریف بھارت کے خلاف بات نہیں کرتے، بلاول امریکہ کے چکر لگا رہے ہیں

حکومت عوام کا خون نچوڑ کر مراعات یافتہ طبقہ کو نواز رہی ہے، پریس کانفرنس

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ حکومت بھارتی جارحیت پر کل جماعتی کانفرنس بلائے بصورت دیگر جماعت اسلامی قوم کو متحد کرنے کے لیے پہل کرتے ہوئے تمام اقدامات اٹھائے گی۔ نواز شریف بھارت کے خلاف کوئی بات نہیں کرتے، وہ اپنا علاج ضرور کروائیں لیکن بھارتی دہشت گردی کے خلاف زبان بھی کھولیں، بلاول بھٹو زرداری (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)



لاہور: وزیر معدنیات پنجاب شیر علی گورچانی اور وزیر مواصلات و قانون صہیب احمد بھرتھ محکمہ معدنیات میں اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ملک بھر سے اکٹھی ہونے والی رقم پر تمام صوبوں کا حق ہے، سپریم کورٹ

80 ارب روپے میں سے 42.5 فیصد شیئر وفاق کے پاس جائے گا تو باقی کہاں جائیں گے؟ جسٹس محمد علی مظہر کے ریمارکس

آئینی بینچ نے سپر ٹیکس کی سماعت کی۔ جسٹس محمد علی مظہر نے استفسار کیا کہ 80 ارب روپے میں سے 42.5 فیصد شیئر وفاق کے پاس جائے گا تو باقی کہاں جائیں گے؟ وکیل رضا ربانی نے مؤقف اختیار کیا کہ وفاقی حکومت کو یہ شیئر این ایف سی ایوارڈ کے تحت ملے گا۔ اور وفاقی حکومت کے ذریعے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

آپ 18 ویں آئینی ترمیم کے آرکیٹیکٹ، ایسے آپ این ایف سی ایوارڈ کا ستیاناس کردینگے، جسٹس جمال مندوخیل کا رضا ربانی سے مکالمہ

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے آئینی بینچ نے کہا ہے کہ پورے ملک سے اکٹھی ہونے والی رقم پر تمام صوبوں کا حق ہے۔ سپریم کورٹ کے آئینی بینچ نے سپر ٹیکس کی سماعت کی۔ جسٹس محمد علی مظہر نے استفسار کیا کہ 80 ارب روپے میں سے 42.5 فیصد شیئر وفاق کے پاس جائے گا تو باقی کہاں جائیں گے؟ وکیل رضا ربانی نے مؤقف اختیار کیا کہ وفاقی حکومت کو یہ شیئر این ایف سی ایوارڈ کے تحت ملے گا۔ اور وفاقی حکومت کے ذریعے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

سانحہ 9 مئی' حلیم عادل شیخ، خرم شیر زمان سمیت 32 کارکنوں پر فرد جرم عائد

کراچی (این این آئی) انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت نے تحریک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29)

پنجاب حکومت نے ''سٹوڈنٹ کارڈ'' لانچ کرنے کا فیصلہ کرلیا

مکو آنہ (این این آئی) پنجاب حکومت نے ''سٹوڈنٹ کارڈ'' لانچ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)

مستونگ میں فائرنگ، خاتون سمیت 3 افراد جاں بحق

مستونگ (این این آئی) بلوچستان کے علاقے مستونگ میں فائرنگ سے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)

بھارت نے ریڈ لائن کراس کی تو بھرپور جواب ملے گا، مشاہد حسین سید

آرمی چیف نے واضح طور پر بھارت کو پیغام دیا ماضی میں اس طرح کلیئر میسج نہیں دیا گیا، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) مشاہد حسین سید نے کہا کہ بھارت نے ریڈ لائن کراس کی تو بھرپور جواب ملے گا۔ مشاہد حسین سید نے نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)



لاہور: وفاقی وزیر اورنگزیب کھچی اور صوبائی وزیر سید عاشق حسین کرمانی ملاقات کررہے ہیں

آزاد کشمیر میں تربیتی کیمپس کا ایک اور بھارتی الزام جھوٹا ثابت

بھارت پہلگام واقعے کو جواز بنا کر بیلانور شاہ میں دہشت گردوں کے تربیتی کیمپس موجود ہونے کا الزام عائد کررہا ہے

الزام کی حقیقت جاننے کے لیے انٹرنیشنل اور پاکستانی میڈیا نے ایل او سی سے 26 کلومیٹر کے فاصلے پر بیلانور شاہ کا دورہ کیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پر ایک اور بھارتی الزام جھوٹ ثابت ہوگیا، آزاد کشمیر میں کسی دہشت گرد ٹریننگ کیمپ کے کوئی شواہد نہیں ملے۔ بھارت کی جانب سے پہلگام واقعے کو جواز بنا کر پاکستان پر آزاد کشمیر کے علاقے بیلانور شاہ میں دہشت گردوں کے تربیتی کیمپس موجود ہونے کا الزام عائد کیا جارہا ہے۔ اسی الزام کی حقیقت جاننے کے لیے انٹرنیشنل اور پاکستانی میڈیا نے ایل او سی سے 26 کلومیٹر کے فاصلے پر بیلانور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)

لاہور: وزیر اقلیتی امور پنجاب رمیش سنگھ اروڑہ کا یو این ڈی پی کے وفد و دیگر کے ساتھ گروپ فوٹو

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز



صوبہ پنجاب میں منتخب مقامی حکومتی کے قیام کیلئے شاہ حسین نیٹ ورک کے ممبران رجسٹرل کونسل کے ممبران حکومت پنجاب سے مقامی حکومت کے فوری انتخابات کا مطالبہ کر رہے ہیں

پنجاب حکومت فی الفور مقامی حکومتوں کے انتخابات کروائے: ممبران شاہ حسین نیٹ ورک

پنجاب حکومت دیگر صوبوں کی طرح اختیارات نچلی سطح پر منتقل کرنے سے گریزاں کیوں ہے

پاکستان کے دیگر تینوں صوبوں میں مقامی حکومتیں قائم اور فعال ہیں

منتخب مقامی حکومتوں کا قیام آئین پاکستان کے آرٹیکل 7، 32 اور 140A کے ذریعے ضروری ہے

137واں گینٹن میلہ غیر ملکی خریداروں کی ریکارڈ تعداد کے ساتھ ختم ہو گیا

گوانگ ڈونگ (شنوا) گینٹن کے جنوبی صوبے گوانگ ڈونگ میں 137واں چائنہ درآمدی و برآمدی میلہ چینٹن میلے کے نام سے بھی مشہور ہے، ختم ہو گیا۔ چینٹن میلے کے مطابق میلے میں 2 لاکھ 88 ہزار سے زائد غیر ملکی خریداروں نے شرکت کی۔ گزشتہ میلے کے مقابلے میں یہ 3.17 فیصد اضافہ اور ایک نئی بلند ترین سطح ہے۔ میلے میں مکمل یا جزوی شرکت کرنے والوں کی تعداد ایک لاکھ 71 ہزار 750 رہی۔ بیلٹ اینڈ روڈ اقدامات کے شرکت دار ممالک کے خریداروں کی مجموعی تعداد ایک لاکھ 87 ہزار 450 رہی جو گزشتہ برس کی نسبت 4.17 فیصد اضافہ اور تمام غیر ملکی خریداروں کا 64.9 فیصد ہے۔ نمائش نے دنیا بھر کے 229 ممالک اور خطوں کے 5 لاکھ 27 ہزار سے زائد آن لائن خریداروں کو بھی اپنی طرف متوجہ کیا۔ کل مجموعی طور پر 45 لاکھ 50 ہزار صنعوت نمائش کے لئے پیش کی گئی جن میں 19 لاکھ 20 ہزاری، 8 لاکھ 80 ہزار ماحول دوست اور ہائی کاربن جبکہ 3 لاکھ 20 ہزار سامت مصنوعات شامل تھیں۔ تقریب میں نمایاں جھلک کے طور پر پہلی بار سروس روبوٹس زون پیش کیا گیا جہاں 46 چینی پیداواری اداروں نے 60 مختلف شعبوں میں استعمال ہونے والے 500 سے زائد جدید روبوٹس پیش کئے۔

کمشنر لاہور ڈویژن نے اضلاع سے سیالابی صورتحال میں لوگوں کے انخلاء پلان پر بریفنگ

موسمی پیشگوئی، دریاؤں کے بڑھتے ایریاز میں ہائی الرٹ منصوبہ بندی کے تحت اقدامات کریں، کمشنر لاہور ڈویژن کا حکم

لاہور (خبر نگار) کمشنر لاہور ڈویژن نوید بن مقصود نے ضلع ڈی سی صدارت پر ریجنل سیلاب کنٹرول اینڈ فلڈنگ کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر لاہور کے دورے کے دوران کہا کہ موسمی پیشگوئی، دریاؤں کے بڑھتے ایریاز میں ہائی الرٹ منصوبہ بندی کے تحت اقدامات کریں، دریاؤں کے حفاظتی بندوں کی مضبوطی کے لئے ڈپٹی کمشنرز اور ایس ایز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ہر ممکن احتیاط یقینی بنائی جائے، ریسکیو اور ریلیف ٹیمیں ہائی الرٹ رہیں،

ABC CERTIFIED
بااقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
"روزنامہ قوت لاہور" (3) 7 مئی 2025ء

شہریوں کو فوری انصاف کی فراہمی اولین ترجیح ہے، ڈی پی او عاطف نذیر

شہریوں کو فوری اور مؤثر انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے تھانہ سٹی پنڈی بھٹیاں اور تھانہ صدر پنڈی بھٹیاں میں کھلی کچہریوں کا انعقاد بھی کیا گیا



حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عاطف ذیر نے شہریوں کو فوری اور مؤثر انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے تھانہ سٹی پنڈی بھٹیاں اور تھانہ صدر پنڈی بھٹیاں میں کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا۔ ان کھلی کچہریوں میں شہریوں کی شکایات براہ راست سنی گئیں، جن پر موقع پر ہی فوری احکامات جاری کرتے ہوئے عمل کی ہدایت دی گئی۔ ڈی پی او نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کھلی کچہریوں کا مقصد عوام اور پولیس کے مابین اعتماد کو فروغ دینا اور مسائل کے بروقت حل کو یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو سختی سے ہدایت دی کہ عوامی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے اور ہر درخواست کو کمپلینٹ مینجمنٹ سسٹم (CMS) پر مکمل طور پر رپورٹ کیا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ تمام شکایات پر مقررہ وقت میں کارروائی کو یقینی بنایا جائے گا اور اس ضمن میں متعلقہ افسران سے باقاعدہ طلبی بھی کیا جائے گا۔ ڈی پی او حافظ آباد نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پولیس عوامی خدمت کے جذبے کے تحت اپنی تمام تر توانائیاں بروئے کار لاتے ہوئے شہریوں کو فوری انصاف کی فراہمی اولین ترجیح ہے۔

جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے شہریوں کے کوائف کی تکمیل اور پاسپورٹس کا اجراء یقینی بنایا جارہا ہے

عملہ امور ذمہ داری فرض شناسی سے انجام دے رہا ہے: اسسٹنٹ ڈائریکٹر فی آمعت

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پاسپورٹ آفس شیخوپورہ کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر فی آمعت نے کہا ہے کہ جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے شہریوں کے کوائف کی تکمیل اور پاسپورٹس کا اجراء یقینی بنایا جارہا ہے عملہ امور ذمہ داری فرض شناسی سے انجام دے رہا ہے اور شہری پاسپورٹ آفس کی کارکردگی سے نہایت خوش اور مطمئن ہیں جو ہمارے لئے اعزاز کی بات ہے تمام امور کی مانیٹرنگ اور سائلین سے ملاقاتیں میرا معمول ہے تاکہ ان کی شکایات کا ازالہ کر کے فوری رعایت فراہم کرسکے میں عملہ کی کارکردگی کو سراہتا ہوں اور خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، اسسٹنٹ ڈائریکٹر پاسپورٹ فی آمعت نے کہا ہے کہ وفاقی وزارت داخلی کی ہدایت پر شہریوں کو پاسپورٹ بنوانے کے حوالے سے بھرپور سہولیات کی فراہمی کے لئے ہیلپ ڈیسک قائم کئے گئے ہیں جبکہ محکمہ کی آن لائن سروسز کو بھی مسلسل فعال رکھا جارہا ہے تاکہ شہریوں ان سے زیادہ سے زیادہ استفادہ کرسکیں، ڈاؤن ماڈل کی سنگی سرگرمیوں کی روک تھام کیلئے بھی کئی کاروائیاں نہایت کارگر ثابت ہوئی ہیں اور سائلین کو بلاوجوں سے چھٹکارا ملا ہے پاسپورٹ بنوانے کے نام پر کسی کو شہریوں کا مالی استحصال ہرگز نہیں کرنے دیں گے۔

ڈی پی او فیصل شہزاد کی کمانڈ میں سیالکوٹ محفوظ تر شہر بن گیا۔ چوہدری امتیاز دریاہ

کھلی کچہریوں کا اقدام شہریوں میں احساس تحفظ پیدا کر رہا ہے۔ سابق صدر سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو محمد جاوید) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ مسٹر شہزاد یونس بلوچ نے ضلع بھر کے دیہی و دور دراز علاقوں میں عوام الناس کی قانون پسند رسائی بہتر بنانے کیلئے تھانہ کی سطح پر کھلی کچہریوں کا جو سلسلہ شروع کیا ہے اس کے مثبت نتائج برآمد ہو رہے ہیں۔ کھلی کچہریوں میں ڈی پی او نے فوری اقدامات سے شہریوں کو پولیس کے روایتی تاثر کو بھی تبدیل کرنے کی کامیاب کوشش کی ہے۔ کھلی کچہریوں کے تحت سینکڑوں شہریوں کو انصاف کی فراہمی کیلئے موقع پر ہی احکامات جاری کئے گئے۔ ان

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

جنگی جنون سے بچا جائے

پہلگام سانحہ کو دو ہفتے ہونے کو آئے ہیں لیکن برصغیر میں ہیجان اور جنگ کا ماحول پیدا کر کے خوف و ہراس کی شدید کیفیت پیدا کی گئی ہے۔ بھارتی حکومت مسلسل 'پاکستان کو سزا' دینے کے اشارے دے رہی ہے جبکہ میڈیا کے ذریعے کوئی سوال اٹھائے بغیر یہ موقف راسخ کرنے کی کوشش کی گئی ہے کہ یہ حملہ پاکستان نے ہی کروایا تھا۔ حیرت انگیز طور پر بھارتی حکام یہ پالیسی اختیار کرتے ہوئے پہلگام میں سکیورٹی کی ناکامی کے علاوہ اس وقوعہ کی تحقیقات کے بارے میں بھی کوئی معلومات سامنے لانے میں دلچسپی نہیں رکھتے۔ شروع میں تحقیقات کا اعلان کرنے کے بعد نہ حکومت نے بتایا اور نہ ہی میڈیا نے پوچھا کہ ایک ایسے سنگین سانحہ کی تحقیقات کہاں تک پہنچیں جس میں 26 بے گناہ سیاح اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے تھے۔ حالانکہ پاکستان پر الزام لگانے سے پہلے مودی حکومت کو ہوم ورک کے طور پر اس دہشت گردی کی تفصیلی اور حقائق پر مبنی معلومات سامنے لانی چاہئیں تھیں۔ لیکن بنیادی باتوں کو نظر انداز کر کے حکومتی عہدیدار اور میڈیا بیک زبان پاکستان کو قصوروار قرار دے کر اسے سزا دینے کی بات کر رہا ہے۔ حالانکہ ایسی باتیں کرنے والوں کو جنگ کی ہولناکی اور تباہی و بربادی کا ہرگز کوئی اندازہ نہیں ہے۔ یہ ممکن نہیں ہو سکتا کہ بھارت کسی قسم کی عسکری کارروائی کرے اور پاکستان خاموشی سے اسے برداشت کر لے۔ ایک طرف جنگ جوئی کا یہ ماحول ہے تو دوسری طرف پاکستان میں جنگ کا خوف محسوس کرنے کی بجائے پوری قوت سے یہ باور کرانے کی کوشش کی جا رہی ہے کہ پاکستان ایک ایٹمی طاقت ہے اور اب بھارت کے ساتھ جو بھی جنگ ہوگی، وہ ایٹمی جنگ ہی ہوگی۔ بھارت سمیت دنیا میں کسی سے یہ بات پوشیدہ نہیں ہے کہ پاکستان کے پاس جو ہری ہتھیار ہیں اور اس کے پاس ایسے میزائل بھی موجود ہیں جو بھارت میں مختلف اہداف تک یہ ہتھیار پھینک سکتے ہیں۔ اس کے باوجود جب سیاسی و سفارتی سطح پر اس پیغام کو کھل کر بیان کرنے کی کوشش کی جائے گی تو اسے بنیادی طور پر جنگی ہیجان میں اضافہ ہی کا ایک طریقہ سمجھنا چاہیے۔ اس ماحول میں وزیراعظم شہباز شریف کا یہ بیان حقیقت حال سے برعکس ہے کہ پاکستان نے بھارتی حکومت کی شدت پسندی اور سخت رویہ کے باوجود تحمل اور متوازن طرز عمل اختیار کیا ہے۔ اس وقت دونوں طرف سے جو بھی 'لڑائی' ہو رہی ہے وہ لفظوں کی جنگ ہے۔ دونوں طرف سے شدید بیان دینے اور ایک دوسرے کو تباہ کر دینے کے غیر حقیقی اور ناعاقبت اندیشانہ بیانات جاری کیے جا رہے ہیں۔

بھارت میں میڈیا، تجزیہ نگار، سیاسی لیڈر اور سابق فوجی افسر اگر پاکستان کے ساتھ معاملہ 'آر یا پار' کرنے جیسے افسوسناک اور اشتعال انگیز بیان دے رہے ہیں۔ تو دوسری طرف پاکستانی لیڈر اور میڈیا نمائندے ایٹمی ہتھیار سے بھارت کو تباہ کر دینے کے احمقانہ اور جذباتی بیان دے کر ہیجان میں اضافہ کر رہے ہیں۔ پاکستان کی طرف سے پہلگام واقعہ کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کی پیش کش اس ہیجان کو کم کرنے میں معاون ہو سکتی تھی لیکن نریندر مودی کی حکومت ہی نہیں بلکہ امریکہ میں ڈونلڈ ٹرمپ کی حکومت نے بھی اس تجویز کو مسئلہ کا فوری حل سمجھنے کی کوشش نہیں کی۔ امریکی حکومت کا سارا فوکس اس وقت کسی بھی طرح چین کی تجارتی اور اسٹریٹیجک وسعت کے خلاف بند باندھنا ہے اور اس مقصد سے وہ بھارت کو اس علاقے میں اپنا سب سے اہم اور قابل اعتبار شراکت دار سمجھتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ امریکی نمائندوں نے ابھی تک اس نکتہ پر غور نہیں کیا کہ ایٹمی صلاحیت کی حامل دو طاقتوں کے درمیان جب روایتی جنگی وسائل میں وسیع عدم توازن موجود ہے تو جوہری ہتھیاروں کے استعمال کا خطرہ حقیقی ہو سکتا ہے۔ یہی موقع تھا کہ واشنگٹن ذمہ دارانہ سفارتی رویہ اپناتے ہوئے ایک طرف نئی دہلی کو صورت حال کا حقیقی ادراک کرنے پر آمادہ کرتا اور دوسری طرف پاکستان کی اس تجویز کو عملی شکل دینے کی کوشش کی جاتی کہ پہلگام واقعہ کی کسی غیر جانبدار ملک یا ادارے سے تحقیقات کرا لی جائیں۔ امریکی حکومت اگر ذمہ داری کا مظاہرہ کرتی تو اس سوال پر خود بھی فریقین کو کسی اتفاق رائے پر آمادہ کر سکتی تھی کیوں کہ نئی دہلی اور اسلام آباد میں اسے وسیع سفارتی اثر و رسوخ حاصل ہے۔ یا پھر سلامتی کونسل سے کوئی ایسی قرارداد منظور کروا لی جاتی کہ اقوام متحدہ کی نگرانی میں پہلگام سانحہ کی تحقیقات ہوں تاکہ دو ایٹمی طاقتیں ایک دوسرے کو للکارنے کا ماحول ختم کریں۔ بدقسمتی سے واشنگٹن کے بااختیار لوگ یہ سمجھنے سے قاصر دکھائی دیتے ہیں کہ جنگ کی صورت میں جو تباہی آئے گی، اس کے بعد بھارت اس قابل نہیں رہے گا کہ وہ چین کے خلاف امریکی حکمت عملی میں اہم کردار ادا کرنے کے قابل ہو۔

جتنا آسان

تحریر: سلمان احمد قریشی

آزادیٔ صحافت کی بات کرنا اتنا ہی آسان ہے جتنا آسان آج صحافی بننے کو سمجھ لیا گیا ہے۔ صحافی کہلوانے والوں کی تعداد ہزاروں میں ہے مگر حقیقی صحافی کتنے ہیں...؟ اس کا جواب دینا مشکل ہے۔ عہدِ حاضر میں صحافت کو درپیش چیلنجز بدل چکے ہیں۔ ریاستی جبر کے ساتھ ترغیب، دولت و شہرت نے نئے مسائل پیدا کیے ہیں، صحافت میں ہیرو گیری رائج ہوتی جا رہی ہے جبکہ کامیابی اور ہیرو گیری میں فرق ہوتا ہے انسان کا قد اخلاقی طور ہر اونچا ہونا چاہیئے جس کی لوگ تقلید کریں نہ کہ ہجوم میں ایڑیاں اٹھا کر نمایاں ہو کر۔ مجمع تو مداری بھی جمع کر لیتا ہے جوں جوں صحافتی تنظیموں کی تعداد بڑھتی جا رہی ہے تنظیم سازی کی فعالیت کم ہوتی جا رہی ہے صحافتی تنظیموں میں ایسے عہدیدار بھی شامل ہیں جن کا صحافت سے براہ راست تعلق نہیں لیکن صحافیوں کے درمیان اختلافِ رائے سے فائدہ اٹھاتے ہوئے صحافیوں کے لیڈر بننے کی راہ پر چل نکلے ہیں۔

قارئین کرام! 2 اگست 1950 کو ملک گیر صحافتی تنظیم کی داغ بیل ڈالی گئی تھی جس نے ثابت قدمی سے اپنے مقاصد کے لیئے جدوجہد کی۔ آزادیٔ صحافت اور آزادیٔ اظہار رائے کے لیئے منہاج برنا، نثار عثمانی، حسین نقی جیسے نام صحافتی افق پر چمکتے تھے۔ ان بزرگوں نے جدوجہد کے تسلسل کو اصول پسندی کے تحت عروج پر پہنچایا۔ ہمارے بزرگ فکری اعتبار سے عظیم تھے۔ اسی فکری دیانت سے سینکڑوں علمبردار تیار کر کے دنیا فانی سے رخصت ہوئے۔ پاکستان کی تابندہ صحافت میں ان صحافیوں کا سب سے زیادہ کردار رہا ہے۔ حسین نقی اظہارِ رائے کی آزادی کا استعارہ ہیں وطنِ عزیز میں مختلف طریقوں سے صحافت پر پابندی کی کئی کوششیں کی گئیں اس میں کچھ سیاسی جماعتوں کا بھی کردار ہے ملکی سطح پر آزادیٔ اظہارِ رائے کو دبانے کے لیئے جو کچھ ہو رہا ہے اس پر بات کرنے کے لیئے بڑے فورم موجود ہیں۔ سارے باشعور لوگوں کو معلوم ہے کہ موجودہ اور آنے والا وقت میڈیا کیلئے سازگار نہیں آزادیٔ صحافت کے لیئے آواز بلند کرنے والے بھی تیار ہیں اور پالیسی ساز بھی اعلانیہ طور پر اپنے ایجنڈا کی تکمیل کے لیئے مصروف عمل ہیں۔ ستم ظریفی تو یہ ہے کہ آج ملک گیر صحافتی تنظیم ایک یا دو نہیں بلکہ کئی ہیں۔ درجن نحیف و کمزور تنظیمیں وجود میں آ چکی ہیں۔ سوال تو یہ ہے کہ اگر مقاصد ایک ہیں تو پلیٹ فارم الگ الگ کیوں۔۔۔؟ مخلص، اہل اور سنجیدہ لوگ بھی موجود ہیں لیکن مسئلہ ایسے کرداروں کا ہے جو ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھنے کے خواہشمند ہیں۔ معاملہ حقوق سے زیادہ چودراہٹ کا ہے۔

بڑی ڈھٹائی سے اپنی تسکین طبع کے لیئے صحافیوں کا لیڈر بننا چاہتے ہیں۔ یہ صورتحال بہرکیف ورکنگ جرنلسٹ کے ضمیر و شعور کو جھنجھوڑتی ہیاور یہ سوال اٹھایا جاتا ہے کہ کیا یہ لوگ واقعی صحافی ہیں۔۔؟ علاقائی صحافت کے موضوع تک محدود رہتے ہوئے دیکھیں تو



ظاہری طور پر صحافی کہلوانے والے کچھ افراد کی مثال ایسے ہے جیسے آکاس بیل، جو سرسبز درخت پر چڑھتی ہے دور سے درخت کا حصہ معلوم ہوتی ہے خوراک بھی درخت سے حاصل کرتی ہے اسکی جڑ نہیں ہوتی لیکن درخت کو اندر دے کھا جاتی ہے۔ درخت میں زرد رنگ کے دھاگے کی مانند نظر آنے والی آکاس بیل زرد صحافت کی شبیہ ہے۔ مقامی پریس کلبز میں اختلافات کی خبریں معمول ہیں دھڑے بندی عام ہے لیکن اوکاڑے پریس کلب کے حوالہ سے ایسی خبریں آئیں جو آزادیٔ صحافت کے لیئے نیک شگون نہیں۔ اوکاڑہ پریس کلب میں انتخابات کو مقامی عدالت میں چیلنج کیا گیا قانونی راستہ سب کا حق ہے اور عدالتوں کا احترام بھی سب پر لازم ہے لیکن اس کے ساتھ یہ خبریں بھی آئیں کہ ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ نے اوکاڑہ پریس کلب کے انتخابات کے لیئے سرکاری افسران کی کمیٹی تشکیل دے دی ہے جو انتخابات سے قبل نئی ممبر سازی کرے گی۔ سوشل میڈیا پر ایک صحافی گروپ کی جانب سے یہ دعوی بھی کیا گیا کہ ڈپٹی کمشنر نے اوکاڑہ پریس کلب کی رجسٹریشن منسوخ کر کے سب ممبران کی رکنیت منسوخ کر دی ہے آئندہ کے لئے سب دوبارہ درخواست دے کر ممبر شپ حاصل کریں گے اور پریس کلب کے معاملہ میں تشکیل شدہ کمیٹی میں صحافیوں کی نمائندگی بھی نہیں ہوگی سب فیصلے سرکاری افسران کریں گے۔

رائم الحروف اس صورتحال کو سمجھنے سے قاصر ہے کہ قانونی معاملات عدالت میں حل ہو جائیں گے اور باہمی اختلافات بھی باہم مل بیٹھنے سے حل ہو سکتے ہیں لیکن ڈپٹی کمشنر کے اختیارات اور مبینہ کردار کیا آزادی صحافت کے لیئے مناسب ہے۔۔۔؟ اس صورتحال پر چند افراد عبداللہ دیوانہ ناچے پرائی برات میں کے مصداق سب سے آگے آگے نظر آئے۔ معاملہ صحافت تک محدود نہیں ہمارا معاشرہ مسلسل زوال پذیر ہے کیونکہ اخلاقی اقدار، انسانی قدریں، پرانی روایات کے آداب دم توڑ رہے ہیں، ادب جاننے کی جستجو کرنے والے اس معاشرہ میں غیر موزوں ہوتے جا رہے ہیں۔

فریب، دولت، جھوٹ اور غیر منصفانہ طریقوں سے افراد پر دباؤ ہمارے معاشرے کی وہ صفات بن چکی ہیں جن سے چھٹکارا ممکن نظر نہیں آتا۔ کسی بڑے ادارے یا کلب جس کی ممبر شپ کی فیس لاکھوں میں ہو ادا کرنے کے بعد کوئی بھی سوسائٹی کا اہم فرد کہلوائے گا۔

اہلِ زر ہر شعبہ پر تسلط چاہتے ہیں۔ پریس کلب جو عوامی ادارہ ہے اگر سرکاری یا بااثر شخصیات کے کنٹرول میں آ جائے گا تو عام آدمی کی بات کون کرے گا۔ دولت کی نمائش اور اثر و رسوخ دِکھانے کے لیئے جم خانہ جیسے ادارے موجود ہیں جہاں انتظامیہ اور اشرافیہ بہت بہتر انداز میں باہم مل بیٹھتے ہیں۔

اس پلیٹ فارم کی موجودگی میں عوامی ادارہ پریس کلب کے کنٹرول کی خواہش قابلِ قبول نہیں۔ یہ آزادیٔ صحافت کا معاملہ ہے صحافت سرکاری سرپرستی یا کنٹرول میں اپنا کردار ادا نہیں کر سکتی۔ صحافتی دوستوں میں اختلافات اپنی جگہ لیکن صحافت کی صفوں میں اپنے زیرِ اثر افراد کو شامل کروانے کے لیئے کلب کی اینٹ سے اینٹ بجانے تک جانا صحافت کی خدمت نہیں۔ باہم مل بیٹھ کر معاملات حل ہونے چاہیئے۔ سیاسی یا سرکاری مداخلت کسی کے بھی مفاد میں نہیں۔ شخص یا شخصیات ادارے سے بالاتر نہیں۔ پریس کلب کا بہترین مفاد اسی میں ہے کہ کلب کے آئین کے مطابق جمہوری انداز کو فروغ دیا جائے اختلافات کو ہوا دینے کی بجائے صحافتی خدمات کو تسلیم کیا جائے تقسیم جدوجہد کی کامیابی میں بڑی رکاوٹ ہوتی ہے۔ اس سے صرف فائدہ تقسیم کرنے والے کو ہوتا ہے۔ آج میڈیا کو جس دباؤ کا سامنا ہے اور صحافیوں اور کارکنوں کو انتظامیہ، اشرافیہ اور سیاسیت سے محفوظ رکھنے کا ایک ہی راستہ ہے اور وہ ہے صرف اتحاد۔ صحافیوں کا آپس میں اتحاد وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔ صحافی بڑا یا چھوٹا نہیں ہوتا انسانی کردار چھوٹا یا بڑا ہوتا ہے۔ صرف اسے صحافی تسلیم کیا جائے جو خبر لکھنی جانتا ہے جو سکرین پر نظر آتا ہے صحافت کی آڑ لیکر دیگر معاملات کو چلانے کے خواہشمند کسی کی پسند تو ہو سکتے ہیں مگر صحافی نہیں۔ طوالت سے بچنے کے لیئے ہمیں اس بات کو ماننے میں ہچکچاہٹ محسوس نہیں کرنی چاہیئے کہ بظاہر ملک میں میڈیا آزاد ہے لیکن آج بھی صحافت پابندیوں کا شکار ہے۔ حکومتی پابندیاں ایک طرف، معاشی دباؤ بھی حق اور سچ کی بات کو ظاہر کرنے میں رکاوٹ ہے۔ فری لانسر صحافی پولیس کے روائتی کردار کے سامنے طاقتور نہیں۔

سب سے بڑھ کر باہمی اختلافات بھی آئیڈیل ماحول میسر نہیں آنے دیتے۔ الیکشن کی بنیاد پر اختلاف اور اختلاف کی بنیاد پر ادارے کی تباہی شعبہ صحافت کی خدمت نہیں۔ صحافتی معاملات اور صحافیوں کے فیصلے سرکاری افسران کی مرضی یا مشاورت سے ہوں گے تو یہ صحافت نہیں ہو سکتی۔ صحافت کے لبادہ میں اس طرح کی خواہش رکھنا یا تکمیل کی کوشش صحافت سے کھلی دشمنی ہے۔ جو پریس کلب کا حصہ نہیں وہ اپنی صلاحیت اور اہلیت کو بہتر کریں نہ کہ پریس کلب کی حیثیت کم یا ختم کرنے کا کھیل کھیلیں۔ آزادیٔ اظہار محض صحافیوں کا مسئلہ نہیں یہ پورے معاشرے کا مسئلہ ہے۔ سیاسی جماعتیں سیاست چمکانے کے لیئے نہیں آزادی صحافت کے لیئے صحافیوں کے ساتھ کھڑی ہوں۔ صحافت اور سیاست میں فرق ہے تحریر صحافت کے زمرے میں آتی ہے تقریر نہیں۔ راقم الحروف کی سب سے مودبانہ درخواست ہے کہ صحافت کا معیار بہتر کرنا ہے تو اپنا کردار بلند کریں کسی کا آلہ کار بننے سے مکمل اجتناب کریں۔ ''اے مزدورِ قلم کبھی لکھے گا تیرا قلم داستان تیری بھی'' جب بھی قلم داستان لکھے اس میں ہمارا کردار مثبت درج ہونا چاہیئے نہ کہ منفی ہو۔ اس لیئے ہمیں یہ فیصلہ آج ہی کرنا چاہیئے کہ صحافتی تاریخ ہمیں مثبت کردار سے پکارے گی یا کہ منفی کردار کے حامل افراد کی لائن میں کھڑا کرے گی۔ فیصلہ کریں اور حق بات کہیں اور عملی طور پر ساتھ دیں نہ کہ صرف اپنی ضد، ہٹ دھرمی اور انا کی تسکین کے لیئے برائی اور منفی سوچ کا استعارہ بنیں۔

کامیاب سٹی ٹریفک پولیس

کالم نگار ذیشان مغل

ڈاکٹر اطہر وحید سٹی ٹریفک پولیس لاہور انتہائی ایماندار، محنتی، فرض شناس اور کامیاب پولیس آفیسر ہیں۔ لاہور کی بے ہنگم ٹریفک کو کنٹرول کرنا انتہائی مشکل کام ہے۔ اسی وجہ سے پنجاب پولیس ڈاکٹر عثمان انور صاحب نے ڈی آئی جی ڈاکٹر اطہر وحید صاحب کو ہی سی ٹی او ٹریفک لاہور تعینات کیا۔ کیونکہ یہاں کامیاب ہونا مشکل کام ہے۔ لاہور میں ڈاکٹر اطہر وحید نے اپنی محنت اور لگن سے اپنا لوہا منوایا ہے۔ انہوں نے لاہور کی بے ہنگم ٹریفک کو کنٹرول کر کے اپنے آپ کو کامیاب سی ٹی او ٹریفک پولیس آفیسر منوالیا ہے ڈاکٹر اطہر وحید کی لاہور تعیناتی سے پہلے لائسنسنگ برانچ میں رشوت اور سفارش کا راج تھا۔ ملازمین عرصہ دراز سے دفتر میں براجمان تھے۔ انہوں نے گڑبڑ کرنے والے ملازمین کو دفتر سے نکال کر فیلڈ میں لا کھڑا کیا۔ انہوں نے ایماندار اور اچھی شہرت رکھنے والے ،بااخلاق اور ایماندار ملازمین کو دفتر کا حصہ بنایا۔ اب رشوت اور سفارش کے بنا لائسنس بن رہے ہیں ڈاکٹر اطہر وحید کی لاہور تعیناتی سے پہلے فیلڈ میں ملازمین کرسیوں پر بیٹھ کر اور دکانوں میں بیٹھ کر ڈیوٹی پوری کر کے گھر چلے جاتے تھے۔ لیکن اب ہر چوک میں آپ کو ٹریفک پولیس ملازمین الرٹ کھڑے ٹریفک کنٹرول کرتے دیکھائی دیتے ہیں سی ٹی او ڈاکٹر اطہر وحید صاحب خود فیلڈ میں نکلتے ہیں، انہوں نے خود چوکوں میں کھڑے ہو کر ٹریفک کو کنٹرول کیا ہے۔

ان کی تعیناتی سے پہلے لاہور شہر میں ٹریفک جام معمول بن چکا تھا۔ لیکن ڈاکٹر اطہر وحید سی ٹی او کی بہترین حکمت عملی سے آج ٹریفک جام سے جان چھوٹ گئی ہے۔ انہوں نے ٹریفک جام والے مقامات پر ملازمین تعینات کر کے ٹریفک کی روانی کو یقینی بنا دیا ہے۔ رکشہ ڈرائیور اکثر شہر میں ٹریفک جام کا باعث بنتے تھے ڈاکٹر اطہر وحید نے انہیں سڑک پر رکشہ کھڑا کرنے سے نہ صرف منع کیا بلکہ رکشہ کھڑا کرنے کی لاہور میں متبادل جگہ بھی فراہم کی لاہور تعیناتی سے پہلے رکشوں کا ہزاروں میں چالان ہوتا تھا۔ جس کی وجہ سے رکشہ والے احتجاج کرتے دیکھائی دیتے تھے۔ لیکن ڈاکٹر اطہر وحید کی تعیناتی کے بعد کوئی بھی ناخوشگوار واقع نظر نہیں آیا ہے ڈاکٹر اطہر وحید نے بازار سے ناجائز تجاوزات ہٹانے کے لیے بھی محنت کی ہے۔ تاکہ ٹریفک کی روانی کو یقینی بنایا جا سکے۔

ان کی تعیناتی کے بعد گاڑیوں کے ڈرائیور حضرات اور ٹریفک پولیس میں کوئی پھڈا نظر نہیں آیا۔ ان کی تعیناتی سے پہلے ٹریفک پولیس ملازمین ڈرائیونگ کرنے والوں سے سختی سے نبٹتے نظر آتے تھے۔ ایسے لگتا تھا کہ ٹریفک پولیس کا کام ٹریفک کنٹرول کرنا نہیں بلکہ صرف چالان کرنا ہی ہے۔ لیکن اب ٹریفک بھی کنٹرول ہے اور ٹریفک پولیس بااخلاق طریقے سے کام بھی کر رہی ہے۔ کسی شہری کو ناجائز چالان کی شکایت بھی نہیں ہے۔ پہلے آئے روز رکشہ اور دیگر گاڑیاں روزانہ درجنوں کی تعداد میں بند ہوتی تھی۔ شہری سفارشیں ڈھونڈتے پھرتے تھے۔

لیکن اب حالات بدل گئے ہیں ڈاکٹر اطہر وحید صاحب کہ تعیناتی سے پہلے گاڑیوں سے نہ صرف منشلی لی جاتی، بلکہ جعلی چالان بک بھی پکڑی گئیں۔ لیکن ڈاکٹر اطہر وحید کی تعیناتی میں سب ٹھیک ہو گیا ہے۔ ان کی تعیناتی سے پہلے دفتر میں ایجنٹ حضرات کا راج تھا۔ لیکن اب ایسا کچھ بھی دیکھنے کو نہیں ملتا ہے۔ وہ اچھا کام کر رہے ہیں۔ ان کی تعریف ہونی چاہیے۔ قارئین سے گزارش ہے کہ لائسنس بنوانے میں اگر کوئی مشکلات ہوں تو آگاہ کریں۔ اور پہلے اور اب میں فرق بھی واضح کریں۔

قارئین سے گزارش ہے کہ لائسنس بنوانے میں اگر کوئی مشکلات ہوں تو آگاہ کریں۔ اور پہلے اور اب میں فرق بھی واضح کریں ٹریفک جام میں تبدیلی کے بارے اور ٹریفک پولیس کے رویہ میں تبدیلی اور بہترین کام کے بارے لکھیے گا۔ اگر میں کچھ غلط لکھ رہا ہوں تو پلیز میری رہنمائی فرمایئے گا۔

لیکن پلیز ٹریفک قوانین پر عمل کریں تاکہ ہم ٹریفک جام اور حادثات جیسے مسائل سے بچ سکیں۔ یہ ملک ہمارا ہے۔ اسے ہم سب نے مل کر بہتر بنانا ہے۔ آخر میں سی ٹی او ٹریفک پولیس آفیسر ڈاکٹر اطہر وحید کے بہترین اخلاق، شہریوں سے نرم رویہ اور پیاری گفتگو کو میرا سلام۔

اللہ پاک ان کو استقامت دے کہ وہ اسی طرح ایمانداری اور فرض شناسی سے کام سرانجام دیتے رہیں۔ اللہ پاک ان کو صحت، عزت اور ترقی عطاء فرمائیں۔ آمین

باقر العلوم یونیورسٹی

تحریر: محمد مہدی

باقر العلوم یونیورسٹی ایران کی دعوت پر ایران روانہ ہو چکا ہوں کہ جہاں پر انسانی حقوق پر بین الاقوامی کانفرنس کا انعقاد ہونا ہے اور مجھے "مشرق میں انسانی حقوق کے تصور" کے موضوع پر اپنا مقالہ پڑھنا ہے۔ مگر اس سے قبل لاہور میں چین کی جانب سے منعقدہ پہلے فلم فیسٹیول میں شرکت کی جو کہ چینی قونصلیٹ لاہور، انسٹیٹیوٹ آف انٹرنیشنل ریلیشنز اینڈ میڈیا ریسرچ، جس کا میں چیئرمین ہوں، اور پنجاب انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے مشترکہ طور پر کیا گیا تھا۔

لاہور آج سے نہیں بلکہ صدیوں سے برصغیر میں فنون لطیفہ کا مرکز رہا ہے اور اس ہی سبب سے اہالیان لاہور نے اس فلم فیسٹیول میں بھرپور شرکت کیں۔ معروف اداکار غلام محی الدین سمیت پاکستانی شوبز انڈسٹری کے ستارے بھی موجود تھے۔ چینی فلموں کا انتخاب بہت سوچ سمجھ کر کیا گیا تھا کہ جس میں کلچر سے لے کر مختلف موضوعات کو پیش کیا گیا۔ چینی قونصل جنرل لاہور زاد؟ شیرین بہت متحرک ہے اور انہوں نے اس فیسٹیول کا انعقاد دونوں برادر ممالک کے درمیان ثقافتی تعلقات کی مضبوطی کے لئے کیا۔ اگر پاکستانی فلم انڈسٹری کو چینی سنیما گھروں میں صرف ایک فیصد بھی حصہ مل جائے تو ہماری فلم انڈسٹری دوبارہ پاؤں پر کھڑی ہو سکتی ہے۔

بہرحال اب ایران میں موجود ہوں اور رات گئے پرواز کی روانگی تک ڈی جی خانہ فرہنگ ایران مسعودی رابطے میں رہے، بہت متحرک شخصیت ہے ویسے ایران کی فلم انڈسٹری سے بھی فائدہ اٹھانا چاہیے۔ ایران کی سرزمین پر اترا تو وہاں پر بھی پاکستان انڈیا کشیدگی موضوع بحث بنی دیکھی۔ ایک ایرانی دوست نے سوال کیا کہ اصل مسئلہ کیا ہے؟ جواب دیا کہ برصغیر عشروں تک برطانوی نوآبادیات رہا اور جہاں پر نوآبادیاتی نظام کے بہت سارے زخم برصغیر کی سوسائٹی کو لگے وہی پر جاتے جاتے وہ کشمیر جیسے معاملہ کو بھی بغیر کسی حتمی فیصلے کے چھوڑ گئے۔ جب دونوں نوزائیدہ ممالک آپس میں الجھ پڑے تو انڈیا اس معاملے کو اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں لے گیا اور وہاں پر دونوں ممالک کی رضا مندی سے یہ فیصلہ ہوا کہ کشمیری عوام کو یہ حق دیا جائے گا کہ وہ یہ فیصلہ کریں کہ وہ پاکستان کے ساتھ جانا چاہتے ہیں یا انڈیا ان کو قبول ہیں۔ بدقسمتی سے سلامتی کونسل کی اس قرارداد پر کبھی عمل درآمد نہیں ہوا اور یہ آج بھی اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے ایجنڈے پر موجود ہے۔ اس عمل درآمد نہ ہونے کے سبب سے پاکستان اور انڈیا کے مابین جنگیں ہوئی اور یہ تو طے شدہ حقیقت ہے کہ جنگیں خود مسئلہ ہوتی ہیں، مسئلہ کا حل نہیں ہوتی ہے۔ اس صورت حال میں کشمیر میں ایک اضطرابی کیفیت پیدا ہوتی چلی گئی۔ سیاست سے مایوسی ہوئی تو ایک کشمیری طبقے نے ہتھیار اٹھا لئے۔ جس پر انڈیا نے موقف اختیار کیا کہ ان مسلح افراد کو پاکستان بھیجتا ہیں اور یہ پاکستانی لوگ ہیں۔

جبکہ پاکستان کا یہ موقف ہے کہ انڈیا گزشتہ کوئی چار عشروں سے کشمیر میں فوجی آپریشن کر رہا ہے مگر آج تک انڈیا اپنے دعووں کے مطابق پاکستانیوں کو کشمیر میں کسی جھڑپ میں مار کر یا گرفتار کر کے میڈیا کے سامنے پیش نہیں کر سکا ہے اور جو کوئی بھی کشمیر میں انڈین فوج سے لڑتے ہوئے مارے گئے ہیں ان تمام کی قبروں سے لے کر لواحقین تک سب کشمیر میں ہیں۔ اگر یہ لوگ پاکستانی ہوتے تو ان کی قبروں سے لے کر لواحقین تک کوئی تو پاکستان میں ہوتا۔ اس سارے پس منظر کو ذہن میں رکھتے ہوئے ہی پہلگام میں ہوئے انتہائی افسوس ناک دہشت گردی کے واقعہ کو سمجھا جا سکتا ہے۔ اس وقت صورت حال یہ ہے کہ پاکستان اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کا غیر مستقل رکن ہے اور پاکستان سمیت سلامتی کونسل کے تمام مستقل اور غیر مستقل اراکین نے اس کی مذمت کی ہیں اور مجرموں کو انصاف کے کٹہرے میں لانے کا مطالبہ کیا ہے۔

اس سارے پس منظر کو ذہن میں رکھتے ہوئے ہی پہلگام میں ہوئے انتہائی افسوس ناک دہشت گردی کے واقعہ کو سمجھا جا سکتا ہے۔ اس وقت صورت حال یہ ہے کہ پاکستان اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کا غیر مستقل رکن ہے اور پاکستان سمیت سلامتی کونسل کے تمام مستقل اور غیر مستقل اراکین نے اس کی مذمت کی ہیں اور مجرموں کو انصاف کے کٹہرے میں لانے کا مطالبہ کیا ہے۔

اس واقعہ کے بعد انڈیا کی جانب سے سندھ طاس پانی کے معاہدے کو معطل کرنے کا اقدام سامنے آیا جس پر پاکستان نے یہ ردعمل دیا کہ اگر پانی کے سمجھوتے کو یک طرفہ طور پر ختم کیا گیا اور پانی روکا گیا تو اس کو اعلان جنگ تصور کیا جائے گا۔ آبی ماہرین کا کہنا ہے کہ پانی کو روکنا ممکن ہی نہیں ہے کیوں کہ اس وقت پانی کو کیسے روکا جائے گا؟ پانی کو کہاں ذخیرہ کیا جائے گا؟ ذخیرہ شدہ پانی کو استعمال کرنے کے لئے کون سا نہری نظام موجود ہیں؟

ان تمام کا جواب نفی میں آتا ہے اور اس سبب سے پانی کو روکنے کا امکان نہ ہونے کے برابر ہے۔ اسی طرح سے دونوں ممالک کسی بڑے فوجی تصادم کے بھی متحمل نہیں ہو سکتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ انڈیا کے پاس افرادی عسکری طاقت پاکستان سے زیادہ ضرور ہے مگر اس کو اس میں سے ایک معقول حصہ چین کے ساتھ لائن آف ایکچوئل کنٹرول پر رکھنا پڑتا ہے۔

اور انڈیا کے لئے ممکن نہیں ہے کہ وہ لائن آف ایکچوئل کنٹرول پر سے فوج ہٹا لے جبکہ پاکستان کو اپنے ہمسایہ ممالک ایران اور چین کی سرحد پر ایک بھی فوجی کی ضرورت نہیں ہے اور افغانستان اس قابل نہیں ہے کہ اس کی جانب سے پاکستان کو کوئی فوجی حملے کا خطرہ ہو۔ موجودہ صورتحال میں مکالمہ ہی واحد راستہ ہے۔

کالم حیا فرض نہیں کیا

تحریر نادر علی سندھو

عورتوں کے زیر استعمال اشیاء کی سر بازار مردوں کے ہاتھوں فروخت شرمندگی سے کم نہیں ۔اور ایک کھلی بے حیائی سے کم نہیں ھے جو کہ کبھی بھی کسی نے محسوس نہیں کی عورتوں کی نجی اشیاء مردوں کے ہاتھوں میں سرِ عام فروخت ہو رھی ھیں انڈر گارمنٹس، پرائیویٹ کریمیں، ذاتی اشیاء، ہر چیز سرِ بازار تماشا بنی ہوئی ھیں۔ عورت اکیلی ہو، تو بھی شرم، بھائی، باپ، ماں ساتھ ہو تو تب بھی قابل شرم باجی سائز کیا ھے؟ باجی نمبر کیا ھے؟ باجی یہ دیکھیں فٹ ھے؟؟ باجی اندر جا کر چیک کر لیں۔۔۔ باجی رنگ کونسا چاہیے انتہائی شرمناک حرکت۔۔۔ کیا پلے رہ جاتا ھے اس وقت جب ایک نامحرم آپ کی پرائیویسی کو 2 منٹ میں جان لے کیا عورت کی عزت اتنی سستی ہو گئی ہے کہ مرد گلیوں میں کھڑے ہو کر اس کی نجی چیزیں فروخت کریں؟ ذمہ داری عورتوں کی ھونی چاہیے کہ اس جگہ عورت ھی عورت سے یہ سوال جواب کرے اور ان اشیاء کی فرخت بھی عورت ھی کو کرنی چاہیے نہ کہ مرد یہ ذمہ داری سنبھال بیٹھیں ،لیکن افسوس صد افسوس! بازاروں نے عزت کے تصور کو کاروبار کا حصہ بنا لیا ھے. پرائیویسی کا تحفظ بنیادی انسانی حق ھے اور عورتوں کی نجی ضروریات کو سرِ بازار مردوں کے ہاتھوں بیچنا اس حق کی صریحاً خلاف ورزی ھے یہ نہ کہ صرف شرمناک ھے بلکہ ایک ایسا عمل ھے جسے فوری روکے بغیر معاشرتی بگاڑ کا دروازہ کھلتا چلا جائے گا یہ صرف معاشرتی بگاڑ ہی نہیں ایک نفسیاتی پہلو بھی ھے کہ دکانوں ہر 15 سال-25 سال کے وہ بچے بھی بیٹھے ہوتے ھیں جو اپنے بھائی یا باپ کا کام سنبھال رھے ہوتے ھیں، ان کی نفسیات کا عالم کیا ہو گا ؟ جو ایک 15?16-20? سال کی لڑکی کو اس کا بریزیئر دکھائے، اس کا انڈرویئر دکھائے، اس کا رنگ، سائز اور سٹف پوچھے۔۔۔ وہ کیا کیا



سوچتا ھوگا ؟؟





ایک دن ضرور پاکستان کیلئے کھیلوں گا' قلندرز کے محمد نعیم کا عزم

پاکستان کی گرین شرٹ مقدر سے ملتی ہے، اس کے حصول کیلئے محنت اور پرفارم کرتا رہوں گا' انٹرویو



لاہور (شوبز رپورٹر) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) فرنچائز لاہور قلندرز کے ٹاپ آرڈر بیٹر محمد نعیم کا کہنا ہے کہ پاکستان کی گرین شرٹ مقدر سے ملتی ہے، اس کے حصول کے لیے محنت اور پرفارم کرتا رہوں گا اور ایک دن ضرور پاکستان کے لیے کھیلوں گا۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے محمد نعیم نے کہا کہ پی ایس ایل میں سب سے بری پرفارمنس میری جا رہی تھی لیکن مجھے لاہور قلندرز نے بہت سپورٹ کیا اور اعتماد کی وجہ سے بار بار فلاپ ہونے کے بعد فنفٹی کرنے میں کامیاب ہوا۔ محمد نعیم نے کہا کہ لاہور قلندر کا مجھ پر اعتماد کرنے کے لیے ان کا مشکور ہوں، لاہور قلندرز نے صرف اس پی ایس ایل میں اعتماد نہیں کیا بلکہ یہ سلسلہ چھ سات برس پرانا ہے، پلیئرز ڈویلپمنٹ پروگرام پھر بیٹل آف قلندرز اور پھر نمیبیا کے دورے پر اعتماد کیا گیا۔

جیت اسی کی ہوتی ہے جو اچھا کھیلتا ہے' حسن علی نے اپنا ٹارگٹ بتا دیا

ایک ہدف ہے کہ میں نے پاکستان ٹیم میں کم بیک کرنا ہے اور مجھے پاکستان کے لیے مسلسل کھیلنا ہے' انٹرویو



لاہور (این این آئی) کراچی کنگز کے فاسٹ بولر حسن علی کا کہنا ہے کہ لاہور قلندرز اور کراچی کنگز کا بڑی حریف ٹیمیں ہونا اچھی چیز ہے، بڑے شہروں کی دو بڑی ٹیمیں سخت حریف ٹیمیں ہوں گی تو فینز کی دلچسپی بڑھے گی اور فینز آئیں گے ہر کوئی اچھا کھیلنے کی کوشش کرتا ہے، جیت اسی کی ہوتی ہے جو اچھا کھیلتا ہے۔ لاہور میں نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے فاسٹ بولر حسن علی نے کہا کہ میرا ٹارگٹ یہی تھا کہ ری ہیب سے واپسی کے بعد پرفارم کرنا ہے تاکہ سلیکٹرز کی نظر مجھ پر پڑے، پی ایس ایل سے پہلے نیشنل ٹی ٹوئنٹی کپ میں بھی سب سے زیادہ وکٹیں حاصل کیں، میرا ایک ہدف ہے کہ میں نے پاکستان ٹیم میں کم بیک کرنا ہے اور مجھے پاکستان کے لیے مسلسل کھیلنا ہے کیونکہ میرا جب بھی کم بیک ہوا ایک میچ یا ایک سیریز کے لیے ہوا

بھارت کی پاکستان کیلئے نفرف یکطرفہ ہے، فیصل قریشی

فنکار نفرت نہیں، بلکہ امن کے سفیر ہونے چاہئیں، کیونکہ نفرت کی سیاست سے کچھ حاصل نہیں ہوتا



کراچی (این این آئی) پاکستان شوبز کے اداکار اور میزبان فیصل قریشی کا کہنا ہے کہ بھارت کی پاکستان کیلئے نفرف یکطرفہ ہے۔ فیصل قریشی نے حال ہی میں ایک پوڈکاسٹ میں شرکت کے دوران اپنی فنی زندگی کے ساتھ ساتھ پاک بھارت تعلقات، بھارتی فلموں کی پاکستان میں ریلیز، اور بھارت کی جانب سے اختیار کیے گئے نفرت انگیز رویے پر تفصیل سے بات کی۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی جانب سے پاکستان کے لیے نفرت کا رویہ یکطرفہ ہے، جبکہ پاکستانی فنکار ہمیشہ فن، محبت اور امن کے حامی رہے ہیں۔ فیصل قریشی نے بھارتی فلم انڈسٹری اور مودی حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ بھارتی فلموں اور سیریز میں بلاوجہ پاکستان مخالف مواد شامل کیا جا رہا ہے، جس کا مقصد عوام کے ذہنوں میں نفرت بھرنا ہے۔ انہوں نے یہ بھی انکشاف کیا کہ ایک سیریز میں ریلیز سے قبل پاکستان مخالف مواد شامل کروایا گیا۔ فیصل قریشی نے بتایا کہ ان کے بھارتی دوست خود اس منفی پروپیگنڈے پر شرمندہ ہیں، اور تسلیم کرتے ہیں کہ بھارت میں تاریخ کو مسخ کر کے توڑ مروڑ کر پیش کیا جا رہا ہے

لیڈی گاگا کے کانسرٹ میں 20 لاکھ سے زائد لوگوں کی شرکت

گلوکارہ لیڈی گاگا کے کانسرٹ میں بم دھماکے کا منصوبہ ناکام بنا دیا گیا، دو افراد گرفتار



ریوڈی جیرو (این این آئی) برازیل میں امریکی گلوکارہ لیڈی گاگا کے کانسرٹ میں بم دھماکے کا منصوبہ ناکام بنا دیا گیا۔ ریوڈی جیرو کے ساحل پر لیڈی گاگا کے تاریخی کانسرٹ میں 20 لاکھ سے زیادہ لوگ شریک تھے۔ برازیلین پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے بم دھماکے کا منصوبہ ناکام بنایا۔ پولیس کا کہنا ہیکہ بم حملیکا منصوبہ سوشل میڈیا پر نفرت انگیز بیانیہ اور نوجوانوں میں شدت پسندی پھیلانے والے گروپ نے بنایا تھا۔ انٹیلی جنس اطلاعات پر کارروائی میں گروپ کے سربراہ سمیت 2 افراد گرفتار کر لیے گئے۔ پولیس کا کہنا ہیکہ مشتبہ افراد دھماکا خیز مواد اور کاک ٹیلز سے دھماکے کرنے کے لیے کانسرٹ میں شریک لوگوں کو استعمال کرنا چاہتے تھے۔ مشتبہ افراد نے سوشل میڈیا پر خود کو بطور گاگا گلوبل فین گروپ ارکان متعارف کرایا ہوا تھا۔

دورہ یو اے ای و پاکستان کیلئے بنگلا دیشی ٹی 20 اسکواڈ کا اعلان

ڈھاکہ (این این آئی) دورہ متحدہ عرب امارات (یو اے ای) اور پاکستان کے لیے بنگلا دیشی ٹی 20 اسکواڈ کا اعلان کر دیا گیا۔ بنگلا دیشی ٹیم یو اے ای کے خلاف 2 اور پاکستان کے خلاف 5 ٹی 20 میچز کھیلے گی۔ بنگلا دیشی ٹیم کے یو اے ای کے خلاف 2 ٹی 20 میچز دورہ پاکستان سے قبل شیڈول ہیں جو 17 اور 19 مئی کو کھیلے جائیں گے۔ بنگلا دیشی ٹیم 21 مئی کو پاکستان پہنچے گی، جس کی قیادت لٹن داس کریں گے۔ اسکواڈ میں تنزید حسین، پرویز حسین، سومیا سرکار، نظم الحسن شنتو، شمیم حسین، ذاکر علی، رشاد حسین، مہدی حسن، تنویر اسلام، مستفیض الرحمٰن اور حسن محمود شامل ہیں۔

پاکستان کی خاتون باکسر نے عالمی باکسنگ فائٹ جیت لی

عالیہ سومرو نے مدمقابل تھائی باکسر کو ناک آؤٹ کر کے فتح اپنے نام کر لی



کراچی (این این آئی) عالمی سطح پر پاکستان کے باکسرز کی کامیابیوں کا سلسلہ جاری ہے، خاتون باکسر نے بھی پاکستان کا کا نام بلند کرنے میں اپنا حصہ ڈال دیا۔ کراچی کے علاقے لیاری سے تعلق رکھنے والی عالیہ سومرو نے بین الاقوامی باکسنگ فائٹ جیت کر پاکستان کا نام روشن کر دیا۔ موصولہ اطلاعات کے مطابق تھائی لینڈ کے شہر بینکاک میں ہونے والی پروفیشنل باکسنگ فائٹ میں عالیہ سومرو نے مدمقابل تھائی باکسر سوتھیڈا گنایانوچ کو ناک آؤٹ کر کے فتح اپنے نام کر لی۔ ٹی ایل باکسنگ پروموشن کے تحت ورلڈ سائم اسٹیڈیم میں عالیہ سومرو نے پروفیشنل باکسنگ کی دس راؤنڈز کی فائٹ کے چوتھے راؤنڈ میں کامیابی حاصل کی۔

بھارتی کرکٹر شمن گل اور اداکارہ انویت کور میں ڈیٹنگ کی افواہیں



نئی دہلی (این این آئی) بھارتی کرکٹ ٹیم کے اوپننگ بیٹسمین شمن گل کو اداکارہ انویت کور سے منسلک کیا جا رہا ہے اور ان دونوں کی ڈیٹنگ کے بارے میں چہ مگوئیاں جاری ہیں۔۔ اس سے قبل کچھ اسی قسم کی خبریں بھارت کے ماسٹر بلاسٹر سچن ٹنڈولکر کی بیٹی اور اداکار چتر ویدی کے درمیان مبینہ رومانی تعلقات کی افواہیں گرم تھیں۔ سارہ ٹنڈولکر اور کرکٹر شمن گل ایک دوسرے سے ڈیٹ کر رہے مبینہ طور پر سوشل میڈیا پلیٹ فارم انسٹاگرام پر ایک دوسرے کو ان فالو کر دیا تھا۔

بھارت کی حماقت پر نیا گانا بناؤں گا، ساحر علی بگا کا اعلان



لاہور (آئی این پی) معروف گلوکار اور موسیقار ساحر علی بگا نے کہا ہے کہ انہوں نے ابھی نندن کی گرفتاری کے موقع پر پاکستان زندہ باد کا نغمہ تخلیق کیا تھا اور اب بھارت کی حالیہ غیر سنجیدہ حرکات کے ردِعمل میں ایک نیا ملی ترانہ تیار کر رہے ہیں۔ ایک انٹرویو میں ساحر علی بگا نے کہا کہ انہیں پاکستانی قوم کی محبت اور خلوص پر دلی شکر گزار ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ جب پاکستان معرضِ وجود میں آیا تو سب سے پہلا نعرہ پاکستان زندہ باد تھا، جو آج بھی ہمارے دلوں کی آواز ہے۔

آج کل لوگ محبت جیتنے کے بجائے چھیننے میں دلچسپی رکھتے ہیں، سمیع خان

منفی کرداروں کو پرکشش بنا کر پیش کرنے کا رجحان خطرناک ہے، اداکار



کراچی (این این آئی) پاکستانی ڈرامہ انڈسٹری کے سنجیدہ اور ورسٹائل اداکار سمیع خان نے ایک حالیہ انٹرویو میں ڈراموں کے بدلتے رجحانات اور اپنی پیشہ ورانہ سوچ پر گفتگو کی، جو سوشل میڈیا پر خوب توجہ حاصل کر رہی ہے۔ سمیع خان فلم اور ٹی وی دونوں میڈیمز پر دو دہائیوں سے اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا چکے ہیں، حال ہی میں ڈرامہ سیریلز فرار اور دنیا پور میں شاندار پرفارمنس کے باعث دوبارہ شہ سرخیوں میں ہیں۔ انٹرویو کے دوران، سمیع خان نے ڈراموں میں برے لڑکوں کو ہیرو کے طور پر پیش کیے جانے کے بڑھتے ہوئے رجحان پر بات کی۔

حمزہ علی عباسی کا نکاح پڑھانے کی ویڈیو پر تنقید پر بھرپور جواب



کراچی (آئی این پی) معروف اداکار حمزہ علی عباسی نے حال ہی میں اپنے قریبی دوست کی شادی میں نکاح پڑھانے پر ہونے والی تنقید کا بھرپور جواب دیا ہے۔ ایک تازہ پوڈکاسٹ انٹرویو میں حمزہ نے اس واقعے کی وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ نکاح پڑھانا یا جنازہ پڑھانا دراصل دین کا بنیادی علم ہے جو ہر مسلمان کو آنا چاہیے۔ میرے دوست نے خود مجھ سے درخواست کی تھی، اس لیے میں نے یہ ذمے داری اٹھائی۔ انہوں نے یہ بھی واضح کیا کہ تقریب کے دوران ایک مذہبی اسکالر موجود تھے

عرفان خان نیازی کے 5 چھکوں نے میچ کا پانسہ پلٹ دیا

یہ کیا تھا جو آپ نے کیا؟ عرفان خان نیازی سے سوال' یہ میرا یقین تھا' عرفان نیازی کا جواب



لاہور (این این آئی) ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) 10 کے ایک اہم میچ میں کراچی کنگز نے لاہور قلندرز کو ہرا دیا، میچ کی اہم بات عرفان خان نیازی کے شاندار چھکے تھے۔ لاہور کے قذافی اسٹیڈیم میں کھیلے جانے والے پی ایس ایل 10 کے 24 ویں میچ میں کراچی کنگز کے بلے باز عرفان خان نیازی کی بہترین اننگز کی بدولت ٹیم نے فتح اپنے نام کی۔ مڈل آرڈر بیٹر عرفان خان نیازی نے 21 گیندوں پر 48 رنز اسکور کیے اس میں وہ تین شاندار چھکے بھی شامل ہیں جو انہوں نے ایک ہی اوور میں شاہین آفریدی کو مارے۔ طویل وقفے کے بعد ردھم میں واپس آنے والے عرفان نیازی نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے وننگ شاٹ کھیلی اور اپنی ٹیم کو فتح دلوائی۔ ان کی برق رفتار بیٹنگ میں مجموعی طور پر 5 چھکے اور 2 چوکے شامل تھے

ویرات کوہلی نے آئی پی ایل میں ایک اور ریکارڈ اپنے نام کر لیا

کوہلی 8 سیزن میں 500 سے زائد رنز بنانیوالے پہلے پلیئر بن گئے



کراچی (این این آئی) بھارتی بلے باز ویرات کوہلی نے آئی پی ایل میں ایک اور ریکارڈ اپنے نام کرتے ہوئے تاریخ رقم کر دی۔ ویرات کوہلی 8 سیزن میں 500 سے زائد رنز بنانیوالے پہلے پلیئر بن گئے، انہوں نے گزشتہ روز چنئی سپر کنگز کیخلاف رائل چیلنجرز بنگلورو کی نمائندگی کرتے ہوئے 33 بالز پر 62 رنز بنا کر حالیہ سیزن میں اورنج کیپ پر گرفت بھی مضبوط بنالی۔ کوہلی اب تک موجودہ سیزن میں 505 رنز نام جوڑ چکے، ان کی اوسط 63.13 رہی ہے۔ چنی سے دلچسپ مقابلہ بنگلورو نے 2 رنز سے جیت لیا، لیگ میں چنئی کیخلاف بنگلورو کی یہ دوسری فتح شمار ہوئی۔

دنانیر مبین اب فلمی دنیا میں انٹری کیلئے تیار

فلم میں عائشہ عمر بھی ایک کلیدی کردار نبھائیں گی، جو فٹبال کوچ کے روپ میں نظر آئیں گی



کراچی (آئی این پی) اداکارہ دنانیر مبین جلد فلمی دنیا میں اپنی انٹری دیں گی۔ سوشل میڈیا سے مقبولیت حاصل کرنے والی دنانیر مبین اب ٹی وی سے ایک قدم آگے بڑھاتے ہوئے فلمی دنیا میں انٹری دینے جا رہی ہیں۔ ان کی پہلی فلم کا نام بہناز ہے، جو ایک اسپورٹس بیسڈ پروجیکٹ ہے اور خواتین کے فٹبال پر مبنی ایک متاثر کن کہانی پر مشتمل ہوگی۔ فلم میں دنانیر ایک نوجوان لڑکی کا کردار ادا کریں گی جو تمام رکاوٹوں کو عبور کر کے فٹبال کے میدان میں اپنے خواب کو حقیقت میں بدلتی ہے۔ فلم میں عائشہ عمر بھی ایک کلیدی کردار نبھائیں گی، جو فٹبال کوچ کے روپ میں نظر آئیں گی، اور دنانیر کے کردار کی رہنمائی کرتی دکھائی دیں گی۔ کئی لوگوں کا کہنا ہے کہ فلم انڈسٹری کو نئے اور اصل چہروں کو مواقع دینے چاہئیں تاکہ فلموں میں تازگی آئے۔

ہانیہ عامر اپنی بلی کا نام ایشوریا رکھنے پر تنقید کی زد میں آ گئیں

ایک بلے کو ایک نسوانی نام دینا اور وہ بھی ایشوریا یہ سوشل میڈیا صارفین کو پسند نہیں آیا



کراچی (آئی این پی) پاکستان اور بھارت میں یکساں مقبول اداکارہ ہانیہ عامر اپنے گھر میں ''ایشوریا'' کو لے آئیں۔ حال ہی میں ہانیہ کی جانب سے ایک اسٹوری انسٹاگرام اکاؤنٹ پر شیئر کی گئی۔ اس ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ ہانیہ عامر ایک خوبصورت سفید رنگ کے بلی کے بچے کو پیار کر رہی ہیں۔ ساتھ ویڈیو کے کیپشن میں انہوں نے اس کا نام بھی بتایا اور لکھا کہ ہمارے گھر میں ایک نئے رکن کا اضافہ ہوا ہے، اس کا نام ایشوریا ہے، پوچھنا نہیں۔ تاہم ایک بلے کو ایک نسوانی نام دینا اور وہ بھی ایشوریا یہ سوشل میڈیا صارفین کو پسند نہیں آیا اور انہوں نے ہانیہ کو تنقید کا نشانہ بنا ڈالا۔ ایک صارف نے طنز کرتے ہوئے لکھا کہ ایشوریا فی میل نام ہے ڈارلنگ، تو ایک کا کہنا تھا کہ فلم سے ڈراپ ہونے کی وجہ سے دماغ پر برا اثر پڑا ہے

ماں ہمیشہ زیادہ کرتی ہے، یہ دنیا ماں کیلئے برابر نہیں، ثانیہ مرزا



ممبئی (آئی این پی) مایہ ناز ٹینس اسٹار ثانیہ مرزا نے کہا ہے کہ والدین کی ذمہ داریاں کبھی بھی 50-50 نہیں ہوتیں، ماں ہمیشہ زیادہ کرتی ہے، یہ دنیا ماں کیلئے برابر نہیں۔ ایک پوڈکاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے ثانیہ مرزا نے بچوں کیلئے ماں کی قربانیوں سے متعلق گفتگو میں کہا ہے کہ اگرچہ بیٹے کی پیدائش سے پہلے کا عرصہ کافی اچھا رہا،

صائم ایوب اور صاحبزادہ فرحان اوپنرز ہونا چاہئے' سعید اجمل

سفیان مقیم بہت ٹیلنٹڈ سپنر بالر ہے اور وہ قومی ٹیم کے بہت کام آئیگا' انٹرویو



کبیر والا، عبدالحکیم (این این ئی) پاکستان قومی کرکٹ ٹیم کے لیجنڈ جادوئی سپن بالر سعید اجمل نے کہا ہے کہ ٹی 20 کرکٹ میں پاکستان کی طرف سے صائم ایوب اور صاحبزادہ فرحان اوپنرز ہونا چاہئے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے تجویز کیا کہ بابر اعظم کو نمبر 3 یا 4 پر کھیلنا چاہئے اور سفیان مقیم کو پراپر موقع دینا چاہئے انہوں نے کہا کہ سفیان مقیم بہت ٹیلنٹڈ سپنر بالر ہے اور وہ قومی ٹیم کے بہت کام آئیگا۔

رن لینے کے دوران بیٹر کا جیب سے موبائل فون گر پڑا، کرکٹر پر تنقید

لندن (این این آئی) انگلینڈ میں کاؤنٹی چیمپئین شپ میچ کے دوران انوکھا واقعہ پیش آیا جب رن لینے کے دوران بیٹر کا جیب سے موبائل فون گر پڑا جس کے بعد کرکٹر کو تنقید کا نشانہ بنایا گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق انگلش کاؤنٹی ٹیم لنکاشائر کے بولر ٹام بیلی کا فون بیٹنگ کے دوران جیب سے گر گیا، انوکھا واقعہ سوشل میڈیا پر زیر بحث ہونے لگا۔ لنکاشائر کے باؤلر ٹام بیلی بیٹنگ کے لیے میدان میں آئے، مگر اس دوران ایک عجیب واقعہ پیش آیا جو آج سے پہلے شاید ہی ہوا ہو۔ دو رنز بنانے کی کوشش کرتے ہوئے بیلی کا موبائل فون ان کے ٹراؤزر کی جیب سے پچ پر ہی گر گیا۔

منیب بٹ شادیوں میں کھانا ضائع کرنیوالے مہمانوں پر برہم



کراچی (آئی این پی) اداکار و ماڈل منیب بٹ نے اپنے نئے وی لاگ میں ایک سنگین معاشرتی خرابی کو اجاگر کیا ہے۔ منیب بٹ اپنے حالیہ وی لاگ میں شادی میں شرکت کرنے والے مہمانوں سے خفا اور نالاں نظر آئے۔ منیب بٹ کے تازہ وی لاگ سے ایک مختصر سی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئی ہے

جیکولین پر نورا فتحی کے ٹھمکے کاپی کرنے کا الزام لگ گیا



ممبئی (آئی این پی) بالی ووڈ فلم ہاؤس فل 5 کے گانے لال پری میں جیکولین فرنینڈز نے اپنی ڈانس مووز سے مداحوں کو اپنا دیوانہ بنا دیا لیکن اب انٹرنیٹ کے ایک طبقے نے ان پر نورا فتحی کو کاپی کرنے کا الزام لگا دیا ہے۔ گانے کا ایک ویڈیو کلپ جس میں جیکولین بیلی ڈانس اور ٹورکنگ کرتے ہوئے نظر آ رہی ہیں، سوشل میڈیا پر وائرل ہو چکا ہے۔ مداحوں نے ان کی پرفارمنس کی بھرپور تعریف کی ہے، ایک صارف نے کہا جیکولین نے یہاں اپنا عروج دکھایا ہے، دوسرے نے لکھا کہ یہ گانا جیکولین کے لیے ہی بنا تھا

آئندہ اپنی شکل وصورت پر ہونیوالی تنقید پر توجہ نہیں دونگی' پلک تیواڑی



ممبئی (آئی این پی) نوجوان بھارتی اداکارہ اور ماڈل پلک تیواڑی نے کہا ہے کہ وہ آئندہ اپنی شکل وصورت پر ہونے والی تنقید پر بالکل توجہ نہیں دیں گی۔ بھارتی میڈیا کو ایک انٹرویو کے دوران اداکارہ کا کہنا تھا کہ لوگ کبھی بھی مطمئن نہیں ہوتے' اکثر ان کی ویڈیوز اور تصاویر پر لوگ معنی خیز کمنٹس کرتے ہیں اور انہیں عام سی لڑکی کہتے ہیں۔

انٹرنیشنل



ایک اسرائیلی فوجی چار مئی، 2025 کو غزہ کی پٹی سے متصل سرحد پر ٹینکوں کے قریب موجود ہے (اے ایف پی)

دورہ یو اے ای و پاکستان کیلئے بنگلا دیشی ٹی 20 اسکواڈ کا اعلان

ڈھاکہ (پی ایم این) دورہ متحدہ عرب امارات (یو اے ای) اور پاکستان کے لیے بنگلا دیشی ٹی 20 اسکواڈ کا اعلان کر دیا گیا۔ بنگلا دیشی ٹیم یو اے ای کے خلاف 2 اور پاکستان کے خلاف 5 ٹی 20 میچز کھیلے گی۔ بنگلا دیشی ٹیم کے یو اے ای کے خلاف 2 ٹی 20 میچز دورہ پاکستان سے قبل شیڈول ہیں جو 17 اور 19 مئی کو کھیلے جائیں گے۔ بنگلا دیشی ٹیم 21 مئی کو پاکستان پہنچے گی، جس کی قیادت لٹن داس کریں گے۔ اسکواڈ میں تنزید حسین، پرویز حسین، سومیا سرکار، نظم الحسن شنتو، شمیم حسین، ذاکر علی، رشاد حسین، مہدی حسن، تنویر اسلام، مستفیض الرحمٰن اور حسن محمود شامل ہیں۔ بنگلا دیشی ٹیم یو اے ای کے خلاف 2 اور پاکستان کے خلاف 5 ٹی 20 میچز کھیلے گی



اس تصویر میں راہبائیں ویٹیکن کے سینٹ پیٹرز سکوائر سے گزر رہی ہیں۔ کنکلیو سات مئی کو شروع ہوگا، جب 133 کارڈینلز ایک نئے پوپ کے لیے خفیہ طور پر ووٹ ڈالنے کے لیے سسٹین چیپل میں داخل ہوں گے (اے ایف پ

ٹیرف جنگ، امریکی صدر نے غیر ملکی سرزمین پر تیار کردہ فلموں پر 100 فیصد ٹیکس عائد کرنے کی اجازت دے دی

واشنگٹن (پی ایم این) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے محکمہ تجارت اور امریکی تجارتی نمائندے کے دفتر کو امریکا سے باہر بننے والی فلموں پر 100 فیصد ٹیکس عائد کرنے کی اجازت دے دی ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق انہوں نے گزشتہ روز اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر پوسٹ میں کہا کہ انہوں نے محکمہ تجارت اور امریکی تجارتی نمائندے کے دفتر کو اجازت دے دی ہے کہ وہ ہمارے ملک میں آنے والی غیر ملکی سرزمین پر تیار کردہ تمام فلموں پر 100 فیصد ٹیکس عائد کر دیں۔ انہوں نے کہا کہ امریکا میں فلمی صنعت بہت تیزی سے دم توڑ رہی ہے۔ انہوں نے شکایت کرتے ہوئے کہا کہ دوسرے ممالک فلم سازوں اور سٹوڈیوز کو امریکا سے دور لے جانے کیلئے ہر قسم کی مراعات دے رہے ہیں۔ یہ دیگر ممالک کی طرف سے منظم کوشش ہے اور اس سے امریکا کی قومی سلامتی کو

پہلگام واقعہ مودی حکومت کا سوچا سمجھا منصوبہ تھا، محبوبہ مفتی کا انکشاف

پہلگام حملے کی مکمل غیر جانبدارانہ تحقیقات ہونی چاہئیں تاکہ سچ عوام کے سامنے آ سکے، بیان

سرینگر (پی ایم این) پہلگام فالس فلیگ حملے کے بعد مقبوضہ جموں و کشمیر میں بھارتی فوج کی جانب سے کشمیری مسلمانوں پر بڑھتے ہوئے مظالم پر جموں و کشمیر پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی کی صدر محبوبہ مفتی نے مودی حکومت کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ بھارتی ٹی وی کے مطابق ایک بیان میں محبوبہ مفتی نے کہا کہ فالس فلیگ حملے کے بعد نہتے کشمیریوں کو دہشتگرد قرار دے کر ان پر ظلم و ستم کے پہاڑ توڑے جا رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ کلگام میں دو روز قبل اغوا کیے گئے نوجوان امتیاز مغرے کی لاش دریا سے ملی ہے، جس کے ذمہ دار بھارتی سکیورٹی ادارے ہیں۔ محبوبہ مفتی نے انکشاف کیا کہ باندی پورہ، کلگام اور دیگر علاقوں میں بھی بھارتی فورسز نے عام شہریوں کو نشانہ بنایا، ان کے گھروں پر چھاپے مارے، گرفتاریاں کیں اور کئی کو ماورائے عدالت قتل کر دیا۔ انہوں نے زور دیا کہ پہلگام حملے کی مکمل غیر جانبدارانہ تحقیقات ہونی چاہئیں تاکہ سچ عوام کے سامنے آ سکے۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ حملہ مودی حکومت کا ایک سوچا سمجھا منصوبہ تھا تاکہ کشمیری مسلمانوں پر جبر کیا جا سکے اور عالمی توجہ اصل مسائل سے ہٹائی جا سکے۔ ان کے گھروں پر چھاپے مارے، گرفتاریاں کیں اور کئی کو ماورائے عدالت قتل کر دیا پہلگام حملے کی مکمل غیر جانبدارانہ تحقیقات

بھارتی ہندوں نے مودی سرکار کے فالس فلیگ آپریشن کا بھانڈا پھوڑ دیا

نئی دہلی (پی ایم این) پہلگام میں ہونے والے مشکوک حملے کو لے کر بھارت میں خود ہندو عوام اور ماہرین کی جانب سے سخت ردعمل سامنے آیا ہے۔ کئی شہریوں نے اسے مودی سرکار کا منصوبہ بند فالس فلیگ آپریشن قرار دیا ہے جس کا مقصد ملک کے اندر بڑھتے ہوئے مسائل سے عوام کی توجہ ہٹانا اور سیاسی فائدہ حاصل کرنا ہے۔ بھارتی ٹی وی کے مطابق بھارتی ہندو خاتون میناکشی بالی نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ "یہ حملہ مودی حکومت کی ایک منظم سازش ہے، جس کے پیچھے بہار انتخابات کے سیاسی عزائم چھپے ہیں۔" انہوں نے سوال اٹھایا کہ اگر بھارتی فوج واقعی اتنی طاقتور ہے تو دہشت گرد اس قدر گہرائی میں کارروائی کیسے کر سکتے ہیں؟ یہ سیکیورٹی کی واضح ناکامی ہے۔ میناکشی کا کہنا تھا کہ "ہندوں کو مار کر مسلمانوں پر الزام ڈالنا ایک پرانا سیاسی ہتھکنڈہ ہے۔ مودی حکومت مسلمانوں کو دیوار سے لگا کر ہندو ووٹ بینک کو مضبوط کر رہی ہے۔

یورپی یونین کا ٹِک ٹاک پر 600 ملین ڈالرز کا بھاری جرمانہ

کمپنی تحقیقات کے دوران یورپی صارفین کا ذاتی ڈیٹا چین منتقل کرنے پر وضاحت نہیں دے سکی، بیان

برسلز (پی ایم این) یورپی یونین نے چین کی مشہور سوشل میڈیا ایپ ٹک ٹاک پر بھاری جرمانہ عائد کر دیا۔ بین الاقوامی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق یورپی یونین نے ٹک ٹاک پر یورپی صارفین کا ذاتی ڈیٹا چین منتقل کرنے کے الزام میں 530 ملین یوروز یعنی 600 ملین ڈالرز کا بھاری جرمانہ عائد کیا۔ اس حوالے سے آئرلینڈ کے ڈیٹا پروٹیکشن کمیشن کا کہنا تھا کہ کمپنی تحقیقات کے دوران یورپی صارفین کا ذاتی ڈیٹا چین منتقل کرنے پر وضاحت نہیں دے سکی کہ کن قوانین کے تحت ڈیٹا چین منتقل کیا گیا اور یہ اقدام یورپی یونین کے قوانین کے خلاف ہے۔ یورپی یونین کے قوانین، جنرل ڈیٹا پروٹیکشن ریگولیشن، کے تحت یورپی صارفین کا ڈیٹا صرف اس صورت میں بلاک سے باہر منتقل کیا جا سکتا ہے جب دوسری جانب بھی اسی سطح کے حفاظتی اقدامات موجود ہوں۔ آئرلینڈ کے ڈیٹا پروٹیکشن کمیشن نے ٹک ٹاک کو جرمانہ ادا کرنے کے ساتھ ساتھ 6 ماہ کے اندر اپنے ڈیٹا منتقلی کے قوانین کو یورپی یونین کے قوانین کے مطابق بنانے کا کہا ہے۔



انڈیا کی شمالی ریاست اتراکھنڈ کے ضلع ہلدوانی میں ایک مدرسے کی تباہی کے بعد شروع ہونے والی جھڑپوں کے ایک دن بعد سکیورٹی اہلکار سڑک پر پڑی ہوئی اینٹوں اور پتھروں کے پاس سے گزر رہے ہیں (اے ایف پی)



اس تصویر میں حیدرآباد کے بیگم پیٹ ہوائی اڈے پر ایئر انڈیا کا ایئر بس اے 350 طیارہ کھڑا ہے (اے ایف پی)

روزنامہ قوت لاہور
میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

اعلیٰ سطحی چینی وفد کا پاکستان چائنا جوائنٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا دورہ

دورے کا مقصد قابل تجدید توانائی، جدید مینوفیکچرنگ، صنعتی ٹیکنالوجی، صحت کی دیکھ بھال، ایرو اسپیس، ریئل اسٹیٹ کی ترقی، اور پالیسی جدت سمیت اہم شعبوں میں تعاون کے لیے نئی راہیں تلاش کرنا ہے

لاہور(کامرس رپورٹر) پاک چین اقتصادی تعلقات میں ایک اہم پیش رفت میں، پاکستان چائنا جوائنٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (PCJCCI) نے دس سے زیادہ بااثر کمپنیوں اور اداروں کے سینئر نمائندوں پر مشتمل ایک اعلیٰ سطحی چینی تجارتی وفد کا خیر مقدم کیا۔اس دورے کا مقصد قابل تجدید توانائی، جدید مینوفیکچرنگ، صنعتی ٹیکنالوجی، صحت کی دیکھ بھال، ایرو اسپیس، ریئل اسٹیٹ کی ترقی، اور پالیسی جدت سمیت اہم شعبوں میں تعاون کے لیے نئی راہیں تلاش کرنا تھا۔چینی وفد کے سربراہ ڈیوڈ ژو کی سربراہی میں اس وفد میں آل چائنا فیڈریشن آف انڈسٹری اینڈ کامرس (ACFIC) کے مسٹر مسر یانگ جیسی قابل ذکر شخصیات اور چیمبر آف کامرس فار ہائی ٹیکنالوجی ایکو پمنٹ انڈسٹری کے نمائندے شامل تھے۔ پی سی جے سی سی آئی کے صدر نذیر حسین اور پی سی جے سی سی آئی کے نائب صدر ظفر اقبال نے پرتپاک خیر مقدم کیا اور بزنس ڈائیلاگ، سیکٹرل بریفنگ اور B2B نیٹ ورکنگ سیشنز کے پورے دن کے پروگرام کی سہولت فراہم کی۔ اس تقریب نے اعتماد پیدا کرنے، خیالات کے تبادلے اور باہمی طور پر فائدہ مند شراکت کی نشاندہی کرنے کے لیے ایک اہم پلیٹ فارم کے طور پر کام کیا۔ بریگیڈیئر منصور سعید شیخ (ر) سینئر نائب صدر PCJCCI نے دوطرفہ تعاون کے اہم ستون کے طور پر ٹیکنالوجی کی منتقلی کی اہمیت پر زور دیا۔ چین نے ڈیجیٹل انفراسٹرکچر، AI، گرین ٹیکنالوجی اور سمارٹ مینوفیکچرنگ میں اپنی عالمی قیادت کے ساتھ، پاکستان میں مہارت کا اشتراک کرنے اور مشترکہ منصوبوں میں سہولت فراہم کرنے پر آمادگی ظاہر کی۔ ہم پاکستان کو نہ صرف ایک سٹریٹجک پارٹنر کے طور پر بلکہ صنعتی ترقی اور جدت طرازی کے ایک مرکز کے طور پر بھی تصور کرتے ہیں۔'' ڈیوڈ ژو نے کہا،'' کوآپریٹو R&D، مقامی پیداوار، اور علم کے تبادلے کے ذریعے، ہم دونوں ممالک کی صلاحیتوں کو بلند کر سکتے ہیں اور علاقائی معیشت میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ نذیر حسین نے مزید کہا،'' پاکستان ٹیکنالوجی کی لوکلائزیشن کے لیے بہترین ماحول پیش کرتا ہے۔ چین کی تکنیکی گہرائی اور ہمارے اسٹریٹجک مقام کے ساتھ، ہم شمسی ٹیکنالوجی اور الیکٹرک گاڑیوں سے لے کر AI سے چلنے والی لاجسٹکس اور ای کامرس تک مستقبل کی صنعتیں بنا سکتے ہیں۔'' میٹنگ کی ایک اہم بات یہ بھی تھی کہ چین کی جانب سے پاکستانی کاروباری اداروں کو چین کے وسیع ہول سیل مارکیٹ نیٹ ورک میں اپنی مصنوعات کی نمائش کے لیے دعوت دی گئی، جہاں شرکت کی پیشکش مفت ہے۔ حکومت کے زیر قیادت پلیٹ فارمز کی حمایت یافتہ یہ مارکیٹیں بین الاقوامی فروخت کنندگان کو عام تجارتی داخلے کی رکاوٹوں کو برداشت کیے بغیر لاکھوں چینی صارفین اور خریداروں تک رسائی کی اجازت دیتی ہیں۔

ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت ساہیوال ایجوکیشنل ٹرسٹ بورڈ آف ٹرسٹیز کا 100واں اجلاس

اجلاس میں ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی، پرنسپل اکبر علی ودیگر نے شرکت کی



ساہیوال (مہراے ڈی لیسمی پیراسے) ڈپٹی کمشنر/وائس چیئرمین ساہیوال ایجوکیشنل ٹرسٹ شاہد محمود کی زیر صدارت ساہیوال ایجوکیشنل ٹرسٹ کے بورڈ آف ٹرسٹیز کا 100 واں اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی، پرنسپل اکبر علی، بورڈ ممبران چوہدری سلطان محمود، سید افتخار حسین شاہ، ڈاکٹر شہزاد طاہر چوہدری، شیخ بشارت ندیم، مہر اللہ یار خان، ہارون رشید اور برسر کاشف ستار نے بھی شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ڈویژن کی پبلک سکول اینڈ کالج ساہیوال ڈویژن بھر میں معیاری تعلیم کے فروغ کے لئے اپنا اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے نصابی اور ہم نصابی سرگرمیوں کے فروغ پر اساتذہ کو مبارک باد دی اور ان کی کارکردگی کو سراہا۔ انہوں نے بورڈ آف ٹرسٹیز کے ممبران میں 100 ویں اجلاس کے انعقاد پر یادگاری شیلڈ بھی تقسیم کیں۔ اس موقع پر بریفنگ میں بتایا گیا کہ سکول میں اساتذہ کی کمی کو پورا کیا جا رہا ہے اور نئے اساتذہ بھی بھرتی کئے جائیں گے۔



شرقپور شریف: پیغام حسین کھوکھر کی شادی کے موقع پر عامر مجید نوشاہی (سینئر نائب صدر پریس کلب شرقپور شریف) مجاھد حسین کھوکھر، عامر حسین کھوکھر، اور حیدر علی کھوکھر ودیگر کا گروپ فوٹو

اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر کا حجرہ چوک کا دورہ

صفائی ستھرائی اور کوڑے کرکٹ کو ٹھکانے لگانے کے لیے ہدایات جاری کیں

دیپال پور (زاہد عمران تجوحہ) اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر کا حجرہ چوک کا دورہ اور یونین کونسل کوٹ کمالیہ کے امور کا جائزہ، انہوں نے چوک میں صفائی ستھرائی کے لیے ٹیموں کی ورکنگ کا جائزہ لیتے ہوئے انہیں عوام کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کے لیے صفائی ستھرائی اور کوڑے کرکٹ کو ٹھکانے لگانے کے لیے ہدایات جاری کیں، اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر نے چیف آفیسر میونسپل کمیٹی کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ساہیوال وائر اینڈ سینی ٹیشن سروسز پنجاب کے افسران کے ساتھ ساتھ وہ بھی فیلڈ میں صفائی ستھرائی کے امور کی چیکنگ کریں اور اس سلسلہ میں باہمی ربط و روابط سے عوام کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کے لیے اپنا کردار ادا کریں، انہوں نے کہا کہ گرین بیلٹس کی خوبصورتی کے لیے بھی اقدامات کیے جائیں اور گھاس اور پودوں کی دیکھ بھال کرتے ہوئے ان کی آبیاری بھی کی جائے جبکہ دوسری جانب اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج بصیر پور میں بے نظیر انکم سپورٹ سینٹر کا اچانک دورہ، انہوں نے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام میں مستحق خواتین کے لیے ٹھنڈے پانی بیٹھنے کے لیے کرسیوں اور چھاؤں کے انتظامات کو چیک کیا، اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر دیپالپور نعیم بشیر نے کہا کہ خواتین کو عزت و تکریم سے پیسے دیے جائیں، اور اس سلسلہ میں کسی کی عزت نفس مجروح نہ ہو، انھوں نے ٹھنڈے پانی کی گری کی شدت کے پیش نظر ٹھنڈے پانی کی ہمہ وقت دستیابی کو یقینی بنانے کے لیے خصوصی اقدامات کرنے کے احکامات جاری کیے۔

امیر عبدالقدیر اعوان سالانہ روحانی تربیتی دورہ برطانیہ اور یورپ کے بعد وطن پہنچ گئے

اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر ان کا فقید المثال استقبال کیا گیا



ڈسکہ (خصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) بیج سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ امیر عبدالقدیر اعوان اپنے سالانہ روحانی تربیتی دورہ برطانیہ اور یورپ کے بعد پاکستان واپس پہنچ گئے اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر ان کا فقید المثال استقبال کیا گیا سلسلہ عالیہ کے سالکین، عقیدت مندوں، دوست احباب کی کثیر تعداد موجود تھی اپنے دورے کے دوران امیر عبدالقدیر اعوان مدظلہ العالی نے ﷺ کے عنوان کے تحت برطانیہ اور یورپ کے مختلف شہروں میں خطابات کیے جن میں لندن، برمنگھم، مانچسٹر اور برمنگھم، ڈبلن (آئرلینڈ) برسلز (بیلجیم)، ہیگ (نیدرلینڈز) اور بارسلونا (اسپین) شامل ہیں ان پروگراموں کے تحت خواتین وحضرات کی کثیر تعداد مستفید ہوئی اپنے خطابات میں انہوں نے حضور نبی کریم ﷺ کی محبت اور ان کی تعلیمات پر عمل پیرا ہونے کی اہمیت پر زور دیا ان کا کہنا تھا کہ ایک مومن کی زندگی کا مقصد صرف اللہ کی رضا اور محبت رسول ﷺ میں گزارنا ہے جس کے لیے ہر عمل میں اللہ کے احکامات کو ترجیح دینی چاہئے امیر عبدالقدیر اعوان نے فرمایا کہ مغربی دنیا میں جو ترقی نظر آتی ہے اس کا راز درحقیقت حضور ﷺ کی تعلیمات میں پنہاں ہے انہوں نے مسلمانوں پر زور دیا کہ وہ ان اصولوں پر عمل کریں تاکہ دنیا و آخرت میں کامیابی حاصل کر سکیں انہوں نے نماز کو بندہ مومن کی معراج قرار دیتے ہوئے فرمایا کہ یہ انسان کو اللہ کے قریب کرتی ہے اور زندگی میں سکون و اطمینان پیدا کرتی ہے نوجوانوں سے خطاب کرتے ہوئے آپ نے دنیاوی تعلیم کے ساتھ ساتھ دینی تعلیم حاصل کرنے کی اہمیت پر روشنی ڈالی تاکہ ایمان میں مکمل آئے اور اعمال صحیح سمت میں رہیں انہوں نے فکر آخرت کی مرکزی حیثیت کو اجاگر کرتے ہوئے ذکر قلبی کا طریقہ سکھایا جو انسان کو اللہ کی یاد میں فنا ہونے اور روحانی سکون حاصل کرنے میں مدد دیتا ہے اپنے دورے کے دوران حضرت امیر عبدالقدیر اعوان نے مسلم کمیونٹی اور مقامی رہنماؤں سے ملاقاتیں کیں۔

گلیوں اور بازاروں میں لٹکتی بجلی کی ننگی تاریں خطرے کی علامت بن گئیں

ہر چوک چوراہے پر لٹکتی بجلی کی تاریں گزرنے والوں کے سر کو چھوتی ہیں، شہریوں کو نوٹس کا مطالبہ

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) گلیوں اور بازاروں میں لٹکتی بجلی کی ننگی تاریں خطرے کی علامت بن گئیں ہر چوک چوراہے پر لٹکتی بجلی کی تاریں گزرنے والوں کے سر کو چھوتی ہیں جس سے جان جانے کا خدشہ ہونے کے باوجود واپڈا کی جانب سے کوئی اقدامات نہیں کیے گئے چھوٹے بچے بجلی کی تاروں کے ساتھ کھیلتے نظر آتے ہیں کئی مرتبہ لوہے سے بنا سامان سر پر اٹھا کر گلی سے گزرتے ہوئے لوہا بجلی کی تاروں سے چھو جاتا ہے جس سے خطرات پیدا ہو رہے ہیں کہ کوئی جانی نقصان نہ ہو جائے بجلی کی لٹکتی تاریں نہ صرف گلیوں اور مکانوں کا حسن خراب کر رہی ہیں بلکہ جان لیوا خطرات کا باعث بھی بن رہی ہیں اہل علاقہ نے احتجاج کرتے ہوئے چیف لیکو میضان بٹ سے مطالبہ کیا ہے کہ گلی محلوں میں لٹکتی تاروں کو شہریوں کے لئے محفوظ بنایا جائے تاکہ کسی جانی نقصان سے بچا جاسکے۔

سڑکوں پر غیر قانونی پارکنگ اسٹینڈ بنا لیے ٹریفک پولیس خاموش تماشائی

شہریوں نے ڈپٹی کمشنر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سے نوٹس لینے کا مطالبہ کر دیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم تجاوزات کی بھرمار، ریڑھی بان لوڈر رکشہ مالکان نے سڑکوں پر غیر قانونی پارکنگ اسٹینڈ بنا لیے ٹریفک پولیس خاموش تماشائی شہریوں کا ڈپٹی کمشنر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سے نوٹس لینے کا مطالبہ کر دیا تفصیلات کے مطابق جہلم شہر تجاوزات مافیا کے نرغے میں لوڈر رکشہ ڈرائیوروں نے رکشے کھڑے کر کے چھوٹی گاڑیوں موٹر سائیکل سواروں کی مشکلات میں اضافہ کر دیا ریڑھی بان ڈپٹی کمشنر اسسٹنٹ کمشنر کے آنے سے قبل سڑکوں سے قائم تجاوزات ہٹا کر ادھر گلیوں میں چلے جاتے ہیں لیکن افسران کے جانے کے فوراً بعد دوبارہ سڑکوں پر قبضہ کر کے اپنا کاروبار جما لیتے ہیں میونسپل کمیٹی کے شعبہ انسداد تجاوزات کا عملہ ریڑھی مافیا اور لوڈر رکشہ مالکان کے سامنے بے بس نظر آتا ہے یا پھر ان کی سرپرستی سے ریڑھیاں اور لوڈر سڑکوں پر لائنوں میں کھڑے کر کے شہریوں کا پیدل گزرنا محال بنا دیتے شہریوں نے ارباب اختیار سے نوٹس لینے اور تجاوزات کے خاتمے کا مطالبہ کیا ہے

اوکاڑہ یونیورسٹی کے دوسرے کانووکیشن کی شاندار اور پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا

تقریب میں 10654 طلباء وطالبات کو ڈگریاں تفویض کی گئیں جبکہ نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلباء کو گولڈ میڈلز بھی دیے گئے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ یونیورسٹی کے دوسرے کانووکیشن کی شاندار اور پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں 10654 طلباء وطالبات کو ڈگریاں تفویض کی گئیں جبکہ نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلباء کو گولڈ میڈلز بھی دیے گئے تقریب کے مہمان خصوصی گورنر پنجاب و چانسلر سردار سلیم حیدر خان تھے جنہوں نے طلباء وطالبات میں ڈگریاں تقسیم کیں اور ان کی محنت کو سراہا۔ اس موقع پر وائس چانسلر اوکاڑہ یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر سجاد بین بھی موجود تھے جنہوں نے گورنر پنجاب کے ہمراہ پوزیشن ہولڈرز طلباء کو گولڈ میڈلز پہنائے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اوکاڑہ یونیورسٹی ایک نیا تعلیمی ادارہ ہونے کے باوجود تیزی سے ترقی کی منازل طے کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وائس چانسلر پروفیسر سجاد بین کی قیادت میں یہ ادارہ مستقبل قریب میں نہ صرف پاکستان بلکہ دنیا کی بہترین جامعات کی صف میں شامل ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا،'' میں تمام اساتذہ کو کانووکیشن کے کامیاب انعقاد پر دل کی گہرائیوں سے مبارک باد دیتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ وائس چانسلر اسی جذبے کے ساتھ یونیورسٹی کی تعمیر و ترقی کا سفر جاری رکھیں گے۔'' سردار سلیم حیدر خان نے مزید کہا کہ چانسلر آفس اوکاڑہ یونیورسٹی اور وائس چانسلر کو ہر ممکن تعاون فراہم کرتا رہے گا۔ انہوں نے طلباء کو نصیحت کی کہ وہ اپنی محنت جاری رکھیں تاکہ امت مسلمہ اپنا کھویا ہوا مقام دوبارہ حاصل کر سکے۔ انہوں نے نوجوانوں کی صلاحیتوں پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا،'' پاکستان کی بقا ہمارے ہاتھ میں ہے۔ آج کا دن طلباء کے ساتھ ساتھ ان کے والدین کے نام ہے جنہوں نے اپنے بچوں کو تعلیم دلوائی۔

ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی طلحہ سعید کا لاہور روڈ کا دورہ بیوٹیفکیشن پراجیکٹ کے تحت جاری کاموں کا معائنہ

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی طلحہ سعید کا لاہور روڈ کا دورہ بیوٹیفکیشن پراجیکٹ کے تحت جاری کاموں کا معائنہ ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی چنیوٹ طلحہ سعید نے لاہور روڈ پر جاری بیوٹیفکیشن پراجیکٹ کے تحت ہونے والے ترقیاتی کاموں کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے سڑک کے اطراف میں بنائے جا رہے نئے پلانٹرز اور دکانوں پر نصب بورڈز کا معائنہ کیا۔ سائن بورڈز کو ایک مخصوص سائز اور کلر اسکیم میں یکساں ڈیزائن کے مطابق تیار کیا جا رہا ہے تاکہ شہر میں جمالیاتی ہم آہنگی پیدا کی جا سکے۔ ایڈمنسٹریٹر نے ہدایت کی کہ بیوٹیفکیشن کے تمام اقدامات کو بروقت اور اعلیٰ معیار کے ساتھ مکمل کیا جائے تاکہ شہریوں کو ایک خوبصورت، صاف ستھرا اور منظم ماحول فراہم کیا جاسکے۔

اسسٹنٹ کمشنر رب نواز کی مختلف مقامات پر پٹرول پمپس کی چیکنگ

اوکاڑہ: (راؤ اکرام ربانی/قوت) اسسٹنٹ کمشنر رب نواز کی مختلف مقامات پر پٹرول پمپس کی چیکنگ، انہوں نے نواحی علاقہ 40/3 آر میں متعدد پٹرول پمپس کی چیکنگ کی اور اسٹیشن کے دوران ناپ تول میں کمی کرنے والے پٹرول پمپ کے مالک کو 15 ہزار روپے جرمانہ عائد کر دیا، اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر رب نواز نے کہا کہ ناپ تول میں کمی کرنے والے پٹرول پمپ مالکان کو کسی صورت معاف نہیں کیا جائے گا اور ان کو بھاری جرمانے کرنے کے ساتھ ساتھ ان کے پٹرول پمپس سیل کر دیے جائیں گے۔

سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر وسیم جاوید کی انسداد تجاوزات مہم کی خلاف ورزی پر کارروائیاں

